آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 38 | بروز ہفتہ 19 ستمبر 2026ء بمطابق 07 ربیع الثانی 1448ھ قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 219

ہائیکورٹ کے فیصلے بعد اسلام آباد پر دھاوا بولنے کی کوئی صورت نہیں بنتی، وزیر داخلہ

فورسز کو بتادیا ان کو ہر ممکن طریقے سے روکیں گے، یہ جتھہ لانا چاہتے ہیں تو ہم پوری طرح تیار ہیں، سوشل میڈیا پر ایک خاص قبیلے کا ذکر ہو رہا ہے کہ وہ خاص طور پر اسلام آباد آئیگا، اسلام آباد کو بند کرنا یا احتجاج کے نام پر حملے کی اجازت نہیں دی جا سکتی، خیبر پختونخوا میں ہم دہشتگردی کے خلاف جنگ لڑ رہے ہیں

احتجاج، لوگوں کو جمع کرنے یا چندہ جمع کرنے کے بجائے توجہ دہشتگردی کے خلاف جنگ پر ہونی چاہیے، وزیراعلیٰ دہشتگردوں کا مقابلہ کرنے کیلئے اتنی تیاری کریں جتنی دھرنے کیلئے کر رہے ہیں تو دہشتگردی کافی حد تک کم ہو جائے، اپوزیشن کے سمجھدار لوگوں سے امید ہے کہ احتجاج کے فیصلے پر نظرثانی کریں گے، محسن نقوی کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اپوزیشن کو واضح پیغام دیا ہے کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کے فیصلے کے بعد کسی صورت وفاقی دارالحکومت پر دھاوا نہیں بولا جا سکتا، فورسز کو بتادیا ان کو ہر ممکن طریقے سے روکیں گے، یہ جتھہ لانا چاہتے ہیں تو ہم پوری طرح تیار ہیں، سوشل میڈیا پر ایک خاص قبیلے کا ذکر ہو رہا ہے کہ وہ خاص طور پر اسلام آباد آئیگا، اسلام آباد کو بند کرنا یا احتجاج کے نام پر حملے کی اجازت نہیں دی جا سکتی، خیبر پختونخوا میں ہم دہشتگردی کے خلاف جنگ لڑ رہے ہیں، احتجاج، لوگوں کو جمع کرنے یا چندہ جمع کرنے کے بجائے توجہ دہشتگردی کے خلاف جنگ پر ہونی چاہیے، وزیراعلیٰ دہشتگردوں کا مقابلہ کرنے کیلئے اتنی تیاری کریں جتنی دھرنے کیلئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

مشرق وسطیٰ میں جنگ کے باوجود تیل سستا، قیمتیں ایک فیصد مزید گر گئیں

امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ خام تیل 1.03 ڈالر کمی کے بعد 100.88 ڈالر فی بیرل پر آ گیا

نیویارک (آن لائن) مشرق وسطیٰ سے تیل کی سپلائی میں بڑی رکاوٹ نہ آنے کی امید کے باعث عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتیں مسلسل تیسرے روز تقریباً ایک فیصد کم ہوگئیں، تاہم خام تیل کی قیمت اب بھی 100 ڈالر فی بیرل سے اوپر ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق جمعے کو کاروبار میں برینٹ خام تیل کی قیمت 1.01 ڈالر یعنی ایک فیصد کمی کے بعد 103.77 ڈالر فی بیرل ہوگئی، جبکہ امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ خام تیل 1.03 ڈالر کمی کے بعد 100.88 ڈالر فی بیرل پر آ گیا۔ دونوں عالمی بینچ مارک کی قیمتیں جمعرات کو بھی تقریباً ایک فیصد کم ہوئی تھیں۔ مارکیٹ میں تیل کی قیمتوں میں کمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

دہشت گردی کے خلاف پوری قوم متحد، قومی عزم مزید مضبوط کرنا ہوگا، سرفراز بگٹی

کوہاٹ پولیس لائن دھماکہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان کا اظہار مذمت، زخمیوں سے اظہار ہمدردی

متعدد افراد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے' دہشت گردی کے واقعات قابل مذمت ہیں

کوئٹہ (آئی این پی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوہاٹ کے پرانا پولیس لائن میں ہونے والے دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے متعدد افراد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں وزیر اعلیٰ نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

شہدا کی عظیم قربانیاں قوم کے لیے مشعل راہ ہیں، شہباز شریف

شہدا کی عظیم قربانیاں قوم کے عزم اور حوصلے کو مزید مضبوط کرتی ہیں، بہادر سپوت وطن کے دفاع اور امن کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں

شہدا کی عظیم قربانیاں قوم کے لیے مشعل راہ ہیں اور ان کا لہو رائیگاں نہیں جائے گا،، آصف علی زرداری، شہباز شریف

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری' وزیر اعظم شہباز شریف نے فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ایک بیان میں صدر مملکت نے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کے دوران شہید ہونے والے بہادر جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہدا کی عظیم قربانیاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

☆☆ اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں ☆☆

کوہاٹ پولیس لائنز میں دھماکہ، اہلکاروں سمیت 21 شہید، 103 زخمی

دھماکے کے بعد ایک خودکش حملہ آور نے سپیشل برانچ بلڈنگ کے قریب خود کو دھماکے سے اڑایا، ادھماکے کے نتیجے میں 5 پولیس اہلکار بھی شہید ہوگئے

فتنہ الخوارج کے مکمل خاتمے تک آپریشن جاری رہے گا، خیبر پختونخوا پولیس کے حوصلے بلند ہیں، دہشتگردوں کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے، آئی ایس پی آر

کوہاٹ (آن لائن) خیبر پختونخوا کے ضلع کوہاٹ میں پشاور روڈ پر پرانی پولیس لائنز میں نماز جمعہ کے دوران دھماکے کے نتیجے میں 5 پولیس اہلکاروں سمیت 21 افراد شہید ہوگئے جب کہ دھماکے میں 103 افراد زخمی ہیں۔ پولیس ذرائع نے کہا کہ دھماکے کے نتیجے میں 5 پولیس اہلکاروں سمیت 21 افراد شہید ہوگئے جب کہ دھماکے میں 104 افراد زخمی ہیں۔ ترجمان ریسکیو 1122 خیبر پختونخوا بلال احمد فیضی نے کہا کہ پرانی پولیس لائن کے قریب دھماکے کے بعد ریسکیو 1122 کا سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن تاحال جاری ہے، زخمیوں کو موقع پر فوری طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ریسکیو 1122 کی ایمبولینسز کے ذریعے ہسپتال منتقل کیا گیا انہوں نے کہا کہ ریسکیو آپریشن کو مزید مؤثر بنانے کے لیے کرک اور ہنگو سے اضافی ایمبولینسز اور ریسکیو اہلکار بھی جائے وقوعہ پر پہنچ کر سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن میں حصہ لے رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ جائے وقوعہ پر جاری سرچ اینڈ ریسکیو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

مستونگ کے قومی شاہراہ پر بدم دھماکہ مرکزی پل تباہ آمد و رفت متاثر

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ کے علاقے کردگاپ میں دھماکے کے نتیجے میں کوئٹہ تفتان روڈ پر واقع مرکزی پل تباہ ہوگیا، جس کے باعث اہم شاہراہ پر ٹریفک کی آمد و رفت متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

وزیراعظم کا زرمبادلہ کے ذخائر تاریخی سطح 21.4 ارب ڈالر تک پہنچنے پر اظہار تشکر

بہتر معاشی پوزیشن ملک میں بیرونی اعتماد، سرمایہ کاری اور پائیدار معاشی ترقی کے نئے دروازے کھولے گی، شہباز شریف

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر کی تاریخ کی بلند ترین سطح 21.4 ارب ڈالر تک پہنچنے پر اظہار تشکر کیا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سٹیٹ بینک آف پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر 21.4 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

طاقت اور دباؤ سے مطالبات منوانے کا یکطرفہ نظام ختم ہو چکا، باقر قالیباف

عالمی سطح پر کثیر الجہتی نظام کا دفاع اور قانون کی حکمرانی کا احترام ضروری ہے، سپیکر ایرانی پارلیمنٹ

تہران (آن لائن) ایرانی پارلیمنٹ کے سپیکر باقر قالیباف نے کہا ہے کہ طاقت اور دباؤ کے ذریعے مطالبات منوانے والا یک طرفہ عالمی نظام اب ختم ہو چکا ہے۔ ایک بیان میں باقر قالیباف کا کہنا تھا کہ عالمی سطح پر کثیر الجہتی نظام کا دفاع اور قانون کی حکمرانی کا احترام ضروری ہے

بلوچستان اسپیشل ڈیولپمنٹ انیشی ایٹو کے تحت صوبے میں ترقی کے نئے دور کا آغاز

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسپیشل ڈیولپمنٹ انیشی ایٹو کے تحت صوبے میں ترقی کے نئے دور کا آغاز ہو رہا ہے۔ ضلع صحبت پور میں پی ایس ڈی آئی کے فیز ون اور ٹو کے تحت تمام 72 منصوبے ریکارڈ مدت میں مکمل کر لیے گئے ہیں۔

قابل دست اندازی جرم کی اطلاع ملنے پر فوری مقدمہ درج کیا جائے، سپریم کورٹ کا اہم فیصلہ

مقدمہ اندراج میں تاخیر پر آئی جی سمیت دیگر افسران کے خلاف کارروائی ہوگی، فیصلہ

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ نے قابل دست اندازی جرم کی اطلاع ملنے پر فوری مقدمہ اندراج کا اہم فیصلہ جاری کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق سپریم کورٹ کے جسٹس صلاح الدین پنہور نے 2012 میں سندھ کے علاقے دادو میں ہونے والے قتل کیس کے مجرم علی رضا کی نظر ثانی اپیل مسترد کرتے ہوئے 7 صفحات پر مشتمل اہم فیصلہ جاری کر دیا۔

پٹرول مہنگا، اشیائے ضروریہ کی قیمتیں عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہونے لگیں

کچن بجٹ 3 گنا ہو گیا، محدود آمدن نے ضروری اشیا خریدنا مشکل بنا دیا، عوام کا شکوہ

اسلام آباد/لاہور/کراچی (آن لائن) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ سے اشیائے خورد ونوش کی قیمتیں بڑھنے سے عام آدمی کی قوت خرید جواب دینے لگی۔ ملک بھر میں سرکاری ریٹ لسٹ میں مختلف سبزیوں، پھلوں، چکن، انڈوں و دیگر اشیائے ضروریہ کے روزانہ نرخ جاری ہوتے ہیں۔ بازاروں میں خریداری کرنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں نماز جمعہ اور امام بارگاہوں پر سیکورٹی انتہائی سخت

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کی سخت حفاظتی انتظامات کئے گئے مساجد اور امام بارگاہوں کے اندر اور باہر فورسز کو تعینات کر کے اندر جانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

حکومتی معاشی ٹیم اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات آئندہ ہفتے ہونے کا امکان

توانائی اصلاحات، بجلی اور گردشی قرض سیٹلمنٹ پلان پر آئی ایم ایف کو بریفنگ دی جائیگی

اسلام آباد (آن لائن) حکومتی معاشی ٹیم اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات آئندہ ہفتے ہونے کا امکان ہے جس دوران توانائی اصلاحات، بجلی اور بجلی و گیس کے گردشی قرض سیٹلمنٹ پلان پر بریفنگ دی جائے گی۔ رپورٹ کے مطابق بجلی کی بنیادی قیمتوں میں رد و بدل بھی متوقع ہے۔ مذاکرات میں بجلی و گیس کے ترسیلی نظام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

بلوچستان میں صحافت انتہائی مشکل، حکومت تحفظ فراہم کرے، نیشنل پارٹی

موجودہ دور میں جب جھوٹی خبروں اور سنسنی کا رجحان بڑھ رہا ہے صحافیوں کی ذمہ داری مزید بڑھ جاتی ہے کہ وہ تحقیق، غیر جانب داری اور صحافتی اخلاقیات کو مقدم رکھیں، رکن بلوچستان اسمبلی

تربت کی نئی کابینہ آزادی صحافت کے تحفظ، صحافتی اقدار کے فروغ، صحافیوں کی فلاح و بہبود اور پریس کلب کے انتظامی امور کو مزید فعال بنانے کے لیے بھرپور کردار ادا کرے گی، رحمت صالح بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے تربت پریس کلب کی نو منتخب کابینہ کو بلا مقابلہ منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ تربت پریس کلب کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

پنجگور، گوارگو کراس کے قریب سے پانچ نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد

پنجگور (یو این اے) پنجگور کے علاقے گوارگو کراس کے مقام سے پانچ نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں، پولیس کے مطابق لاشیں ملنے کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

وزیراعظم ٹاسک فورس کی اصلاحات کے تحت کے پی ٹی اور پپری ریلوے لنک کی بحالی

1.5 کلومیٹر مخصوص ریلوے لنک کے ذریعے لاجسٹکس پارک کو کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم سے منسلک کیا جائے گا

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم ٹاسک فورس کی جانب سے اصلاحات کے تحت کراچی پورٹ ٹرسٹ اور پپری ریلوے لنک کی بحالی جاری ہے۔ وزیراعظم ٹاسک فورس کی اصلاحات کے تحت ریلوے اور بندرگاہی انفرا اسٹرکچر بہتر بنا کر کارگو ترسیل مؤثر بنانے کے اقدامات جاری ہیں۔ کراچی پورٹ ٹرسٹ اور پپری ریلوے لنک کی بحالی کے منصوبے کے تحت 52 کلومیٹر طویل مخصوص ڈبل ٹریک ریلوے لائن تعمیر کی جائے گی۔ منصوبے کے تحت 25 بڑے ریلوے و سڑکوں کے پل اور 6 فلائی اوورز و گریڈ سپریٹرز تعمیر کیے جائیں گے۔

کوئٹہ، صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو ای او (پی پی اے ایف) نادر گل بڑیچ شیلڈ دے رہے ہیں

سعودی قیادت میں یمنی فورسز کا انصار اللہ کے 30 جنگجوؤں کو ہلاک کرنے کا دعویٰ

ریاض (آن لائن) سعودی قیادت میں یمنی فورسز نے 24 گھنٹوں کے دوران انصار اللہ کے 30 جنگجوؤں کو ہلاک اور 60 کو زخمی کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ ترک خبر ایجنسی کے مطابق یمنی فورسز نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

کوئٹہ، سبزل روڈ پر نامعلوم افراد کی فائرنگ، اے جی آفس کا ملازم جاں بحق

پولیس کے مطابق واقعے کی تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں، مقتول کی لاش اسپتال منتقل

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ کے سبزل روڈ پر نامعلوم مسلح افراد نے ایک گاڑی پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں اکاؤنٹنٹ جنرل (اے جی) آفس کا ملازم غیور بزدار بلوچ موقع پر جاں بحق ہو گیا۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کا یہ پرتشدد واقعہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)



☆☆☆☆☆☆ لندن، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆☆☆

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات، مہنگائی میں 0.49 فیصد اضافہ

51 میں سے 19 اشیا کی قیمتوں میں اضافہ، 9 میں کمی ریکارڈ کی گئی، رپورٹ

اسلام آباد (آن لائن) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات سامنے آنے لگے، ایک ہفتے کے دوران مہنگائی کی شرح میں 0.49 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ وفاقی ادارہ شماریات نے ہفتہ وار مہنگائی کے اعداد و شمار جاری کر دیے، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

ہرنائی، شاہرگ کوئلہ کان میں گیس دھماکہ، 4 کانکن جاں بحق، 5 شدید زخمی

حادثے کے وقت کان میں 9 کانکن موجود تھے، امدادی کارروائی کے دوران 4 کانکنوں کی لاشیں نکال لی گئیں زخمی افراد کوئٹہ ریفر

جاں بحق کانکنوں کا تعلق سوات سے ہے اور لاشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دی گئی ہیں، فضاء سوگوار

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے علاقے ہرنائی میں شاہرگ کے مقام پر پی ایم ڈی سی کول مائن 151 میں گیس دھماکے کے نتیجے میں 4 کانکن جاں بحق جبکہ 5 شدید زخمی ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق حادثے کے وقت کان میں 9 کانکن موجود تھے، امدادی کارروائی کے دوران 4 کانکنوں کی لاشیں نکال لی گئیں جبکہ زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد شاہرگ ہسپتال سے کوئٹہ ریفر کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق جاں بحق کانکنوں کا تعلق سوات سے ہے اور لاشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دی گئی ہیں، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

وزیراعظم سے مقامی حکومتوں کو مالی اختیارات دینے کا مطالبہ، ایم کیو ایم نے خط لکھ دیا

خط کی کاپی وفاقی وزیر خزانہ، آئی ایم ایف سربراہ اور ورلڈ بینک صدر کو بھی ارسال کی گئی

کراچی (آن لائن) ایم کیو ایم پاکستان نے وزیراعظم شہباز شریف کو مقامی حکومتوں کو مالی اختیارات دینے کے مطالبہ کا خط لکھ دیا۔ خط متحدہ قومی موومنٹ کی رہنما نسرین جلیل کی جانب سے لکھا گیا ہے، خط کی کاپی وفاقی وزیر خزانہ، آئی ایم ایف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

کراچی؛ سرجانی میں ماں اور تین بچوں کا قاتل پولیس مقابلے میں ہلاک

ملزم کو آلہ قتل کی برآمدگی کے لیے لے گئے تھے جہاں ملزم نے پولیس اہلکار کا پسٹل نکال کر فائرنگ کی، ایس ایس پی

کراچی (آن لائن) کراچی کے علاقے سرجانی ٹاؤن میں ماں اور تین بچوں کو بے دردی سے قتل کرنے والا ملزم آلہ قتل کی برآمدگی کے دوران پولیس سے فائرنگ کے تبادلے میں ہلاک ہو گیا جبکہ گولی لگنے سے پولیس اہلکار زخمی ہو گیا۔ ایس ایس پی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

سعودی عرب کو 48 ایف 35 طیاروں کی فروخت، امریکا نے منظوری دے دی

جنگی ساز و سامان اور معاونت کی فروخت خطے میں فوجی توازن کو تبدیل نہیں کرے گی، امریکی حکام

واشنگٹن (آن لائن) امریکہ نے سعودی عرب کو 48 جدید ایف 35 لڑاکا طیارے فروخت کرنے کی ممکنہ ڈیل کی منظوری دے دی ہے، تاہم تقریباً 24.3 ارب ڈالر کے اس معاہدے کو حتمی شکل دینے کے لیے امریکی کانگریس کی منظوری درکار ہوگی۔

وفاقی وزیر داخلہ کی کوہاٹ دھماکہ کی مذمت، جانی نقصان پر اظہار افسوس

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کوہاٹ میں اولڈ پولیس لائن کے قریب ہونے والے دھماکے کی پرزور مذمت کی ہے۔ اپنے بیان میں وزیر داخلہ نے دھماکہ کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

ایاز صادق کی کوہاٹ پولیس لائن میں دھماکے کی مذمت، انسانی جانوں کے نقصان پر دکھ کا اظہار

اسلام آباد (یو این اے) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کوہاٹ میں پولیس لائن کے قریب مسجد میں نماز جمعہ کے دوران دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے حملے میں قیمتی انسانی جانوں کے نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

سینیٹر روبینہ خالد کی کوہاٹ پولیس لائنز دھماکے کی مذمت

دھماکے میں زخمی ہونے والوں کو فوری اور بہترین طبی امداد فراہم کی جائے، چیئرپرسن بی آئی ایس پی

اسلام آباد (یو این اے) چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے کوہاٹ پولیس لائنز دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوہاٹ پولیس لائنز دھماکے پر گہری تشویش اور افسوس ہے۔ سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ دھماکے میں زخمی ہونے والوں کو فوری اور بہترین طبی امداد فراہم کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ جمعہ کے مقدس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

باب المندب میں کشیدگی بڑھ گئی، اٹلی نے جنگی بحری جہاز بھیجنے کا اعلان کر دیا

حوثیوں کی کارروائیوں کے باعث بحیرہ احمر اور باب المندب میں تجارتی جہازوں کی سیکیورٹی پر خدشات بڑھ گئے

روم (آن لائن) اٹلی نے بحیرہ احمر کے اہم بحری راستے باب المندب سے گزرنے والے تجارتی جہازوں کے تحفظ کے لیے جنگی بحری جہاز بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے۔ الجزیرہ کے مطابق اٹلی کے وزیر دفاع گائیڈو کروسیٹو نے کہا ہے کہ اٹلی یورپی یونین کے مشترکہ فیصلے کا انتظار کیے بغیر تجارتی بحری جہازوں کی حفاظت کے لیے اپنے جنگی جہاز تعینات کرے گا۔

گوادر، مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ گوادر میں شجر کاری، شہری صفائی اور شہری خوبصورتی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان کیخلاف کسی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے، سہیل آفریدی

خیبر پختونخوا دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کا فرنٹ لائن صوبہ ہے، صوبے کے عوام مسلسل دہشتگردی کے خلاف جنگ میں قربانیاں دے رہے ہیں

خیبر پختونخوا کے عوام نے پاکستان کے لیے 80 ہزار سے زائد جانوں کا نذرانہ پیش کیا، ان قربانیوں کے نتیجے میں ملک میں امن قائم ہوا، وزیراعلیٰ

پشاور (آن لائن) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ پاکستان ہمارا ملک ہے، کسی بھی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ کوہاٹ میں دہشتگردوں کے خودکش حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اپنے ویڈیو پیغام میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

پائیدار امن کیلئے مذاکرات اور سفارتکاری ہی واحد قابل عمل راستہ ہے، اسحاق ڈار

پاکستان ترکیہ کے ساتھ ترجیحی شعبوں میں تعاون مزید گہرا کرنے کے لیے پرعزم ہے، نائب وزیراعظم

برطانیہ میں طے ہوئی مفاہمتوں پر عملدرآمد، مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنایا جائیگا، اسحاق ڈار کی ترک سفیر اور برطانوی ہائی کمشنر سے ملاقاتوں میں بات چیت

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ترکیہ کے سفیر اور برطانوی ہائی کمشنر نے ملاقاتیں کیں جن میں خطے کی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا دفتر خارجہ کے مطابق ترکیہ کے سفیر عرفان سے خطے کی صورت حال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

آبنائے ہرمز سے جہاز رات کو نکلتے ہیں، ایران کو پتا نہیں چلتا، ٹرمپ

معاہدہ ڈیل کے ذریعے ہو یا نہیں جیت امریکہ کی ہی ہوگی' امریکی صدر

واشنگٹن (آن لائن) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکا آبنائے ہرمز سے جہاز رات کو نکالتا ہے کیونکہ ایران کو پتا ہی نہیں چلتا، ایران کے ریڈار تباہ کیے جا چکے ہیں۔ ایران سے ڈیل ہونے یا علاقے میں مزید فوج بھیجے جانے سے متعلق سوال پر جواب میں انہوں نے کہا کہ ہم یا تو کوئی اچھا معاہدہ کریں گے، یا پھر کوئی معاہدہ کریں گے ہی نہیں۔ ٹرمپ نے کہا ہے کہ کسی ڈیل کے ذریعے ہو یا نہیں مگر جیت امریکا کی ہوگی۔

پاکستان کا اقوام متحدہ میں اسلاموفوبیا کے خلاف عالمی اقدام کا مطالبہ

اقوام متحدہ (یو این اے) پاکستان نے اسلاموفوبیا کو نفرت انگیز تقاریر کی شدید ترین شکلوں میں سے ایک قرار دیتے ہوئے عالمی برادری پر زور دیا ہے

حوثیوں اور سعودی حمایت یافتہ فورسز میں لڑائی، 24 گھنٹوں میں 68 ہلاکتیں

ریاض (آن لائن) یمن میں حوثیوں اور سعودی حمایت یافتہ حکومتی فورسز کے درمیان شدید جھڑپوں میں 24 گھنٹوں کے دوران کم از کم 68 افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔

کوئٹہ، کنفرم ٹکٹ کے باوجود فلائٹ وقت سے پہلے روانہ، مسافر شدید پریشان

فلائی جناح کے خلاف مسافروں کا شدید احتجاج، بیرون ملک پروازیں بھی مس ہوگئیں

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ سے اسلام آباد جانے والی فلائی جناح کی پرواز کے مسافروں نے شکایت کی ہے کہ کنفرم ٹکٹ اور مقررہ روانگی کا وقت 12 بج کر 25 منٹ دیے جانے کے باوجود مسافروں کے ایئرپورٹ پہنچنے پر انہیں بتایا گیا کہ پرواز ساڑھے 10 بجے ہی روانہ ہو چکی ہے، جس کے باعث متعدد مسافر شدید پریشانی کا شکار ہوگئے۔ متاثرہ مسافروں کے مطابق انہوں نے فلائی جناح کی پرواز کے لیے کنفرم ٹکٹ حاصل کیے تھے اور ٹکٹ پر روانگی کا وقت 12:25 درج تھا۔ مسافر مقررہ وقت پر کوئٹہ ایئرپورٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

کمپنیوں کا پیٹرول و ڈیزل پر فی لیٹر ایک روپے 22 پیسے منافع کا مطالبہ

اسلام آباد (آن لائن) آئل مارکیٹنگ کمپنیوں نے پیٹرول اور ڈیزل پر فی لیٹر 1 روپے 22 پیسے منافع کا مطالبہ کر دیا۔ آئل کمپنیز ایڈوائزری کونسل نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

سعودی عرب کی خام تیل سپلائی متبادل راستوں سے بحال کرنے کی کوششیں

ریاض (آن لائن) سعودی عرب نے خام تیل کی سپلائی متبادل راستوں سے بحال کرنے کی کوششیں تیز کر دیں۔ عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتوں میں تیسرے روز بھی کمی کا رجحان ریکارڈ کیا گیا ہے

دستا محمد۔ صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی ویٹرنری اسپتال کی نقاب کشائی کر رہے ہیں

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سینیٹر دوستین ڈومکی اور صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو ملاقات کر رہے ہیں

www.dailyshal.com
روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں

19 ستمبر 2026ء

آلودہ ترین ممالک کی فہرست میں پاکستان پہلے نمبر پر پہنچ گیا

آئی کیو ایئر کی رپورٹ کے مطابق پاکستان 2025 میں سالانہ اوسط کی بنیاد پر دنیا کا آلودہ ترین ملک رہا۔ سوئس ایئر کوالٹی مانیٹرنگ ادارے آئی کیو ایئر کی 2025 کی عالمی رپورٹ میں پاکستان کو دنیا کا سب سے زیادہ آلودہ ملک قرار دیا گیا ہے جہاں سالانہ اوسط 2.5 پی ایم کی سطح 67.3 مائیکروگرام فی مکعب میٹر ریکارڈ ہوئی۔ عالمی خبررساں ادارے کے مطابق اس رپورٹ میں بنگلا دیش 66.1 مائیکروگرام کے ساتھ دوسرے، تاجکستان 57.3 کے ساتھ تیسرے، چاڈ 53.6 کے ساتھ چوتھے اور جمہوری جمہوریہ کانگو 50.2 مائیکروگرام کے ساتھ دنیا کے آلودہ ترین ممالک میں پانچویں نمبر پر رہے۔ اسی طرح بھارت 48.9 مائیکروگرام کے ساتھ چھٹے نمبر ہے جب کہ کویت، یوگنڈا، مصر اور ازبکستان بالترتیب سات سے دسویں نمبر ہیں۔ پھر عراق، نیپال، متحدہ عرب امارات، بحرین اور روانڈا کی باری آتی ہے۔ اس فہرست میں چین 20 ویں جب کہ سعودی عرب 21 اور ایران 22 ویں نمبر پر براجمان ہے۔ افغانستان اس فہرست میں شامل نہیں تھا جبکہ سری لنکا 42، ملائیشیا 60 اور جنوبی کوریا 55 ویں نمبر پر رہے۔ پاکستان میں 2025 کے دوران سالانہ اوسط PM2.5 کی سطح 67.3 مائیکروگرام فی مکعب میٹر رہی جو عالمی ادارہ صحت کی تجویز کردہ سالانہ حد 5 مائیکروگرام سے 13 گنا سے بھی زیادہ ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان 2024 میں 73.7 مائیکروگرام کے ساتھ بھی پہلے نمبر پر تھا جبکہ 2025 میں آلودگی کی اوسط سطح کچھ کم ہوکر 67.3 مائیکروگرام ہوئی تاہم ملک بدستور عالمی درجہ بندی میں پہلے نمبر پر رہا۔ رپورٹ کے مطابق دنیا کے صرف 13 ممالک اور خطوں نے 2025 میں عالمی ادارہ صحت کی سالانہ PM2.5 گائیڈ لائن یعنی 5 مائیکروگرام فی مکعب میٹر یا اس سے کم کی سطح برقرار رکھی۔ ان میں آسٹریلیا، آئس لینڈ، ایسٹونیا، پاناما، گریناڈا، انڈورا، برمودا، بارباڈوس، فرانسیسی پولینیشیا، پورٹو ریکو، امریکی ورجن آئی لینڈز، نیو کیلیڈونیا اور ری یونین شامل ہیں۔ ملکی درجہ بندی کے علاوہ رپورٹ میں شہروں کی صورتحال بھی تشویش ناک سامنے آئی۔ دنیا کے 25 سب سے زیادہ آلودہ شہروں میں تمام شہر بھارت، پاکستان اور چین میں واقع تھے۔ بھارت کا لونی 112.5 مائیکروگرام PM2.5 کے ساتھ پہلے نمبر پر رہا، جبکہ چین کے سنکیانگ میں واقع ہوتان 109.6 مائیکروگرام کے ساتھ دوسرے نمبر پر تھا۔ ایئر کوالٹی مانیٹرنگ ادارے IQAir کے مطابق 2025 میں مجموعی طور پر 143 ممالک، خطوں اور علاقوں کے اعداد وشمار کا جائزہ لیا گیا۔ ان میں سے 130 یعنی تقریبا 91 فیصد ڈبلیو ایچ او کی سالانہ PM2.5 گائیڈ لائن پر پورا نہیں اتر سکے۔ صرف 14 فیصد شہر معیار پر پورا اترے۔ رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا کہ 2025 میں 75 ممالک میں PM2.5 کی سالانہ اوسط میں کمی جبکہ 54 ممالک میں اضافہ ہوا۔ لاؤس، کمبوڈیا اور انڈونیشیا میں آلودگی میں نمایاں کمی دیکھی گئی جس کی ایک وجہ زیادہ بارش اور ہواؤں سے جڑی لانینا موسمی صورتحال بھی بتائی گئی ہے۔ واضح رہے کہ PM2.5 سے مراد ایسے انتہائی باریک ذرات ہیں جن کا قطر 2.5 مائیکرومیٹر یا اس سے کم ہوتا ہے۔ یہ ذرات سانس کے ذریعے پھیپھڑوں کی گہرائی تک پہنچ سکتے ہیں اسی لیے فضائی آلودگی کی پیمائش میں انھیں صحت کے لیے اہم اشاریہ سمجھا جاتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان 2024 میں 73.7 مائیکروگرام کے ساتھ بھی پہلے نمبر پر تھا جبکہ 2025 میں آلودگی کی اوسط سطح کچھ کم ہوکر 67.3 مائیکروگرام ہوئی تاہم ملک بدستور عالمی درجہ بندی میں پہلے نمبر پر رہا۔ رپورٹ کے مطابق دنیا کے صرف 13 ممالک اور خطوں نے 2025 میں عالمی ادارہ صحت کی سالانہ PM2.5 گائیڈ لائن یعنی 5 مائیکروگرام فی مکعب میٹر یا اس سے کم کی سطح برقرار رکھی۔ ان میں آسٹریلیا، آئس لینڈ، ایسٹونیا، پاناما، گریناڈا، انڈورا، برمودا، بارباڈوس، فرانسیسی پولینیشیا، پورٹو ریکو، امریکی ورجن آئی لینڈز، نیو کیلیڈونیا اور ری یونین شامل ہیں۔ ملکی درجہ بندی کے علاوہ رپورٹ میں شہروں کی صورتحال بھی تشویش ناک سامنے آئی۔ دنیا کے 25 سب سے زیادہ آلودہ شہروں میں تمام شہر بھارت، پاکستان اور چین میں واقع تھے۔ بھارت کا لونی 112.5 مائیکروگرام PM2.5 کے ساتھ پہلے نمبر پر رہا، جبکہ چین کے سنکیانگ میں واقع ہوتان 109.6 مائیکروگرام کے ساتھ دوسرے نمبر پر تھا۔ ایئر کوالٹی مانیٹرنگ ادارے IQAir کے مطابق 2025 میں مجموعی طور پر 143 ممالک، خطوں اور علاقوں کے اعداد وشمار کا جائزہ لیا گیا۔ ان میں سے 130 یعنی تقریبا 91 فیصد ڈبلیو ایچ او کی سالانہ PM2.5 گائیڈ لائن پر پورا نہیں اتر سکے۔ صرف 14 فیصد شہر معیار پر پورا اترے۔ رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا کہ 2025 میں 75 ممالک میں PM2.5 کی سالانہ اوسط میں کمی جبکہ 54 ممالک میں اضافہ ہوا۔ لاؤس، کمبوڈیا اور انڈونیشیا میں آلودگی میں نمایاں کمی دیکھی گئی جس کی ایک وجہ زیادہ بارش اور ہواؤں سے جڑی لانینا موسمی صورتحال بھی بتائی گئی ہے۔ واضح رہے کہ PM2.5 سے مراد ایسے انتہائی باریک ذرات ہیں جن کا قطر 2.5 مائیکرومیٹر یا اس سے کم ہوتا ہے۔ یہ ذرات سانس کے ذریعے پھیپھڑوں کی گہرائی تک پہنچ سکتے ہیں اسی لیے فضائی آلودگی کی پیمائش میں انھیں صحت کے لیے اہم اشاریہ سمجھا جاتا ہے۔

اکادمی ادبیات پاکستان کوئٹہ کی تقریب پذیرائی، میر نواز سولنگی کی کوئٹہ آمد، آغا گل کی جانب سے عشائیہ

عبدور، ہکلو اور چلتن کی تہیں خنک ہواؤں کے نرم جھونکوں سے ابدان میں ٹھنڈک کا احساس دلانے لگی ہیں۔
پیڑوں کے پتے زمیں پر گرتے ہوئے پازیب کی ترنگ کا گداز صدائے دلفریب سماعتوں کو مسحور کرتی ہیں تو لگتا ہے کہیں دور رقص وسرود کی محفل لگی ہے۔ علم وادب کی کوئی تقریب منعقد ہورہی ہے۔ اور ہم کہ ٹھہرے ایسی تقاریب کے رسیا تو جا پہنچے اسپنی روڈ پر واقع اکادمی ادبیات پاکستان کوئٹہ کی تقریب پذیرائی میں جہاں بلوچستان کے لیجنڈ رائٹرز، اسکالر اور براہوی لسان وادب نامور ادیب ڈاکٹر عبدالرحمن براہوی کو کمال فن ایوارڈ سے نوازا جارہا تھا۔
یاد رہے حکومتِ پاکستان ہر سال ملکی سطح پر معروف ادباء حضرات اور شعراء کرام کمال فن کا قومی ایوارڈ اور ایک معقول نقد رقم پیش کرتی ہے جو اکادمی ادبیات پاکستان کے پلیٹ فارم سے عطا کیا جاتا ہے۔ بلوچستان میں اب تک تین ادبی شخصیات کو یہ ایوارڈ مل چکا ہے جن میں منیر احمد بادینی، ڈاکٹر عبدالرزاق صابر اور اب ڈاکٹر عبدالرحمن براہوی کو ملا ہے۔ اس بار ایوارڈز کمیٹی میں بلوچستان سے منیر بادینی اور ڈاکٹر رزاق صابر کو بھی شامل کیا گیا تھا جو کہ اہل بلوچستان کا اعزاز ہے۔
تقریب کے چیف گیسٹ وفاقی وزیر لوک ورثہ ثقافت اورنگزیب کھچی بھی تھے۔ جبکہ مہمانان گرامی میں آغا گل، ڈاکٹر رزاق صابر کے علاوہ بلوچی

شیخ فرید

اکیڈمی کے ہیبتان بلوچ، براہوی اکیڈمی کے ڈاکٹر سوسن براہوی، پشتو اکیڈمی کے پروفیسر مجیب اللہ احساس اور ڈاکٹر عرفان احمد بیگ شامل تھے۔
نظامت کے فرائض ڈاکٹر قیوم بیدار نے انجام دیئے۔
وفاقی وزیر باتدبیر نے اپنے خطاب میں آغا گل کے اظہاریہ کے جواب میں کہا کہ حکومت علم و ادب فروغ اور اہل قلم کی فلاح و بہبود کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہیں اور کوشش ہے کہ ادبی اقدار کی ترقی و ترویج کیلئے نئی راہیں استوار کی جائیں۔ اورنگزیب کھچی نے بلوچستان کے اہل قلم کو یقین دلایا کہ کوئٹہ میں اکادمی ادبیات کیلئے آڈیٹوریم قائم کیا جائے۔ اور بلوچستانی تہذیب وثقافت کو عوامی سطح پر روشناس کرانے کیلئے میوزیم ہاؤس تعمیر کرنے کیلئے پلاننگ کی جائے گی۔
وزیر موصوف نے مذید فرمایا کہ بلوچستان مہر و مروت کی سرزمین ہے یہاں کا ادب بہت جواں اور بھرپور توانائی لیے ہوئے ہیں۔ بلوچ روایات کے آمین ہیں اور حب الوطنی کے جذبے سے سرشار ہیں۔ حکومت بلوچستان کے مسائل کو سنجیدگی سے حل کرنے کیلئے مثبت پالیسی پر عمل پیرا ہے۔
تقریب میں افضل مراد نے ڈاکٹر عبدالرحمن کا ایوارڈ وصول کیا۔ کیونکہ ڈاکٹر اپنی علالت کے باعث تقریب میں شرکت نہیں کرسکے۔
قبل ازیں "گل باغ" میں معروف ادیب اور ناول نگار آغا گل نے اسلام آباد سے آئے ہوئے اکادمی ادبیات پاکستان کے ڈپٹی ڈائریکٹر اور دوستوں کے دوست میر نواز سولنگی کے اعزاز میں ایک پرلطف عشائیے کا اہتمام کیا۔ عشائیے میں ڈاکٹر عرفان احمد بیگ، ممتاز ادیب شفقت عاصمی کبوہ، نامور براہوی ادیب و پبلیشرز شاہین بارانزئی اور ڈاکٹر قیوم بیدار کے علاوہ راقم خاکسار شیخ فرید نے شرکت کی۔ ڈینر سے قبل مہمانوں کے مابین ادب، تہذیب وثقافت اور سماجی اقدار کے بدلتے ہوئے اطوار، نئی جدت پسندی کے اثرات اور روایات شکنی کے مختلف پہلوؤں پر سیر حاصل، بامقصد اور مدلل گفتگو ہوئی۔
کھانے کے بعد مہمان آغا گل۔ شفقت عاصمی اور دیگر احباب نے کتابوں کے تحائف پیش کیئے۔ جس پر میر نواز سولنگی نے اپنے اظہاریے میں شکریہ ادا کیا۔ اس طرح یہ خوبصورت رات گئے اختتام پذیر ہوئی۔ بلوچستان ریفارمز کی ادبی سوسائٹی عنقریب ادبی ورکشاپ کے انعقاد کی پلاننگ کر رہی ہے۔ شنید ہے کہ ادبی ورکشاپ 26 ستمبر کو کلچرل کمپلیکس میں ہوگی۔
ادبی ورکشاپ بارے ایک اہم اجلاس خوش لحن شاعرہ جہاں آراء کی صدارت میں ہوا۔ جس میں محترمہ سیماب رفیق، محترمہ نرگس نہاں، عجب ساحل اور راقم الحروف نے شرکت کی۔ اجلاس میں ادبی ورکشاپ سے متعلق بہت سے امور پر تبادلہ خیال ہوا۔ مختلف پہلوؤں پر غور وخوض کے بعد فیصلہ کیا گیا کہ ادبی ورکشاپ میں تین سیشن ہونگے۔ جس میں شعروسخن، افسانہ اور ناول کے علاوہ ادب اطفال کے شعبوں کو شامل کیا جائے گا۔
انجمن آفاق قرطاس وقلم کوئٹہ کے زیراہتمام 20 ستمبر زاہد آفاق کی رہائش گاہ پر ممتاز سرور جاوید کے اعزاز میں ایک پُروقار شعری نشست ہوگی جس میں اردو، بلوچی، براہوی، پشتو، پنجابی، زبان کے شعرا سرور جاوید، ڈاکٹر سرجن اعظم ہنگوگی، زاہد آفاق، احمد وقاص، ڈاکٹر شکور زاہد، جہانگیر کاوش، عظیم انجم ہاشمی، زاہد بلوچ، شفقت عاصمی کبوہ، عادل اچکزئی، شوکت امان، کامران قمر، ظہور زہیبی، نسیم بلوچ، غزالہ تبسم، نرگس نہاں، عجب ساحل، صدام حسین بلوچ ودیگر شعرا کرام اپنا اپنا کلام پیش کرینگے۔

مذاکرات ایک اہم حل

پاکستان اور افغانستان کے درمیان جنگ بندی کی مدت میں توسیع ہوچکی ہے۔ دونوں ملکوں کے اعلی سطح کے وفود دوحہ پہنچ چکے ہیں جہاں قطر کی نگرانی (یا ثالثی) میں ان کے درمیان بات چیت ہوگی اور تناؤ کے خاتمے کے لیے موثر اقدامات پر غور کیا جائے گا۔ قطر کے ساتھ طالبان کے تعلقات خوشگوار رہے ہیں اور افغانستان میں امریکی فوجوں کی موجودگی کے دوران بھی انہیں سفارتی سہولیات میسر رہی ہیں۔ پانچ برس پہلے دوحہ ہی میں امریکہ اور طالبان کے درمیان وہ معاہدہ طے پایا تھا جس کے نتیجے میں امریکی فوجوں کا مکمل انخلاء ہوا۔ اس میں یہ بھی طے پایا تھا کہ افغانستان اپنی سرزمین کسی ملک کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال نہیں ہونے دے گا۔ افسوس کہ یہ ذمہ داری نبھائی نہیں جا سکی۔ پاکستان پر افغانستان میں موجود دہشت گرد متواتر حملے کرتے رہے ہیں۔ پاکستان کے وزیر دفاع خواجہ محمد آصف کے فراہم کردہ اعداد وشمار کے مطابق دہشت گردی کے 10 ہزار 347 واقعات کے دوران سول، فوجی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے تین ہزار 844 شہداء کے لاشے ہم اُٹھا چکے ہیں۔ اس دوران پاکستان کے وزیر خارجہ نے چار بار کابل کا دورہ کیا، وزیر دفاع اور آئی ایس آئی کے ذمہ دار دو مرتبہ وہاں گئے، پاکستان نے اپنے خصوصی نمائندے کو پانچ بار وہاں بھیجا، سیکرٹری سطح کے افسروں نے پانچ دورے کئے، قومی سلامتی کے مشیر بھی وہاں گئے، جوائنٹ کوآرڈی نیشن کمیٹی کے آٹھ اجلاس منعقد ہوئے۔ 225 بارڈر فلیگ میٹنگز ہوئیں، 836 احتجاجی مراسلے افغانستان کو ارسال کئے گئے اور 13 ڈیمارش سفارت خانے کو بھجوائے گئے لیکن اس تگ ودو کا کوئی بھی نتیجہ برآمد نہیں ہوا، وارداتوں میں اضافہ ہوتا چلا گیا۔ افغانستان دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہ بنا رہا، یہاں تک کہ پاکستان کو دہشت گردوں کا تعاقب کرنا پڑا، ان کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا، سرحدوں پر صورت حال کشیدہ ہوئی اور افغان فوج نے باقاعدہ حملے کی جسارت کی جس کا مزہ چکھا دیا گیا۔ گذشتہ چند روز کے دوران کئی جھڑپیں ہو چکی ہیں اور ہر جھڑپ میں حملہ آوروں کے دانت کھٹے ہی نہیں کئے گئے، توڑ ڈالے گئے

ماجد اکرم

ہیں۔ افغان سرزمین سے حملہ آور ہونے والے دہشت گردوں نے بھی کارروائیاں تیز کرنے کی کوشش کی لیکن انہیں بھی کیفر کردار کو پہنچا دیا گیا۔ افسوسناک حقیقت یہ ہے کہ افغان وزیر خارجہ امیر خان متقی چھ روزہ دورے پر جب نئی دہلی پہنچے تو اُسی وقت افغانستان کی طرف سے جارحانہ اقدامات کا سلسلہ شروع ہوا۔ ملا متقی نے جہاں پاکستان کے بارے میں نامناسب انداز بیان اختیار کیا وہاں مقبوضہ کشمیر کو بھی بھارت کا حصہ قرار دے دیا۔ مشترکہ اعلامیہ میں کی گئی اس شرارت (یا حماقت) نے پاکستان اور کشمیر کے کروڑوں باشندوں کے دل زخمی کر دیے۔
افغانستان کو تمام تر حماقتوں اور منفی حرکتوں کے باوجود پاکستان دشمن ملک نہیں سمجھتا۔ 1979ء میں جب سوویت فوجیں افغانستان پر حملہ آور ہوئی تھیں تو اُس کے بعد پاکستان نے افغانستان کی آزادی اور خودمختاری کی مسلسل حمایت جاری رکھی ہے۔ سوویت فوجوں کو پسپا کرنے کے لیے عالمی اتحاد کو وجود بخشنے میں پاکستان نے تاریخی کردار ادا کیا، بیجنگ سے واشنگٹن اور قاہرہ سے ریاض تک طاقت کے سب مراکز افغان مزاحمت کاروں کی پشت پر کھڑے ہو گئے، انہیں وسائل فراہم کئے گئے اور اُن کے جہاد کو کامرانی نصیب ہوئی۔ پاکستان نے اپنی سرزمین اپنے افغان بھائیوں کی راہ میں بچھا دی، لاکھوں افراد نے یہاں پناہ لی، برسوں اُن کی میزبانی کا حق ادا کیا گیا۔ سوویت فوجوں کی پسپائی کے بعد پاکستان نے افغانستان کی تعمیر نو میں مقدور بھر تعاون کیا۔ اُسامہ بن لادن کی تلاش میں جب نیٹو اور امریکی افواج کابل پر چڑھ دوڑیں تو اس دوران بھی پاکستان نے حتی المقدور معزول ہونے والی طالبان حکومت کے متعلقین ومتاثرین کی اشک شوئی کی۔ پاکستان کی خاموش معاونت حاصل نہ ہوتی تو طالبان حکومت (از سرنو) کابل میں قائم نہ ہو پاتی۔ یہ دعویٰ نہیں کیا جا سکتا کہ پاکستانی حکمرانوں (خصوصاً جنرل پرویز مشرف) سے کوئی کوتاہی یا فروگذاشت نہیں ہوئی۔ ایسے واقعات اور اقدامات کی نشاندہی کی جا سکتی ہے جن سے طالبان کو شکایات پیدا ہوئیں لیکن بحیثیت مجموعی پاکستان نے گذشتہ کئی عشروں کے دوران اپنا بہت کچھ داؤ پر لگا کر افغانستان کی آزادی اور خود مختاری کا پرچم بلند کئے رکھا ہے۔ پاکستان کے قبائلی علاقوں میں جنم لینے والی تحریک طالبان پاکستان کو ابتداء میں افغان بھائیوں کی معاونت کار سمجھا جاتا رہا لیکن بعد ازاں انہوں نے پاکستان کو بھی نشانہ بنا لیا، اب اُس کے متوسلین بڑی تعداد میں افغانستان کو اپنی جنت سمجھ کر وہاں پاؤں پسارے بیٹھے ہیں۔
افغانستان سے پاکستان کا کوئی جھگڑا نہیں ہے، پاکستان اس پر حملے کا تصور بھی نہیں کر سکتا، اسے ایک ہی شکایت ہے اور اس کا ایک ہی مطالبہ ہے کہ افغانستان کی سرزمین پاکستان میں دراندازی کے لیے استعمال نہ ہو۔ 2600 کلو میٹر لمبی سرحد جس میں جگہ جگہ سوراخ موجود ہیں، باڑ لگانے کے باوجود جسے سیل نہیں کیا جا سکتا، افغانستان میں موجود دہشت گردوں کی گزرگاہ بنی ہوئی ہے۔ وہ ہمارے جانثاروں اور شہریوں پر حملہ آور ہوتے اور انہیں خون میں نہلاتے چلے جا رہے ہیں۔ اگر افغان حکومت میں یہ صلاحیت موجود نہیں ہے کہ وہ اپنی سرزمین پر موجود دہشت گرد گروہوں کی سرکوبی کر سکے تو پھر اُسے پاکستان کے ساتھ مل کر کارروائیاں کرنے پر آمادہ ہو جانا چاہیے۔
افغان حکومت اگر خود اقدام کرتی ہے نہ پاکستان کے ساتھ مل کر مشترکہ حکمت عملی بناتی ہے تو پھر یہی سمجھا جائے گا کہ وہ خود برسرِپیکار ہے۔ ایسی صورت میں اُسے نتائج بھگتنے کے لیے تیار رہنا ہو گا، پاکستان کی مختلف سیاسی جماعتوں اور مکاتب فکر کو بھی یہ نقطہ اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے۔ تحریک انصاف کے بانی عمران خان جیل سے مذاکرات کی اہمیت واضح کر رہے ہیں، اُن کے کے پی کے وزیراعلیٰ بھی اس پر زور دیتے چلے جا رہے ہیں۔ مذاکرات بہت ہو چکے، مزید بھی ہونے چاہئیں، جو مذاکرات کے لیے آمادہ ہو اُس سے بات کرنے سے انکار کرنا شیوہ مردانگی نہیں لیکن یہ بات ہم پر اور ہمارے سب دوستوں اور دشمنوں پر واضح ہو جانی چاہیے کہ پاکستان افغانستان پر قبضے کا ارادہ رکھتا ہے، نہ حملہ آور ہونے کی حماقت کر سکتا ہے، وہ تو اپنی سرحدوں کے اندر امن کا خواہاں ہے۔ اپنے اوپر حملہ آور ہونے والوں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کر رہا ہے۔ اُمید کی جانی چاہیے کہ قطر اور دوسرے دوست ممالک افغانستان کو یہ بات اچھی طرح سمجھانے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ افغان معاملہ صرف وفاقی اداروں یا حکومتی اکابرین پر چھوڑنے کے بجائے پوری قوم کو مشاورت میں شریک کیا جانا چاہیے۔ علمائے کرام، مذہبی ادارے، حزب اختلاف سے تعلق رکھنے والی جماعتوں، نمائندوں کو ایک میز پر بیٹھنا ہو گا۔

''گھر، سسرال اور رشتے''

چپ سائیں کدھر ہیں بھائیو۔۔۔؟ شہزاد (فرضی) صاحب نے چوپال میں آتے ہی پریشانی کے عالم میں پوچھا۔۔۔ نتھو اور پھتو ایک دم چونک گئے۔۔۔ انہوں نے کہا کہ شہزاد بھائی آپ بیٹھیں تو سہی۔۔۔ پانی وانی پئیں۔۔۔ سائیں جی آتے ہی ہوں گے۔۔۔ شہزاد صاحب سے پھتو نے پوچھا سائیں تو سہی مسئلہ کیا ہے؟۔۔۔ یہ میں تم کو نہیں بتا سکتا۔۔۔ بھائیو۔۔۔ شہزاد نے ڈگمگائی آواز میں کہا۔۔۔ خیر کچھ دیر بعد چپ سائیں چوپال آگئے۔۔۔ ان کو دیکھ کر شہزاد بھائی نے سکھ کا سانس لیا اور بولے۔۔۔ سائیں جی میں بہت پریشان ہوں۔۔۔ اور کافی دیر سے آپ کا منتظر ہوں۔۔۔ اس پر سائیں جی نے کہا کہ بولو۔۔۔ بھائی مسئلہ کیا ہے؟۔۔۔ شہزاد بھائی۔۔۔ وہ۔۔۔ وہ دراصل۔۔۔ چپ سائیں نے فورا کہا۔۔۔ بتائیں بتائیں مسئلہ کیا ہے؟۔۔۔ اس پر شہزاد صاحب بولے۔۔۔ سائیں جی۔۔۔ ایک سال قبل بیٹے کی شادی کی تھی۔۔۔ لڑکی بھی بہت دیکھ بھال کے گھریلو سی لایا۔۔۔ میری گھر والی تو ٹھہری بھلی مانس۔۔۔ خیر۔۔۔ وہ تو جاننے والے تھے۔۔۔ میں تو بیٹی بنا کر لایا تھا۔۔۔ لیکن۔۔۔ شہزاد بھائی۔۔۔ بولتے بولتے غمگین ہوگئے۔۔۔ چپ سائیں بولے۔۔۔ بھائی جی پھر کیا ہوا۔۔۔؟۔۔۔ سائیں جی۔۔۔ تین ماہ تو بہت اچھے گزرے۔۔۔ لیکن پھر اس لڑکی نے اپنا رنگ دکھانا شروع کر دیا۔۔۔ سائیں جی آپ تو جانتے ہیں کہ میری دو بیٹے اور دو بیٹیاں ہیں۔۔۔ بیٹے کے بعد میری دو شہزادیاں بھی ہیں جو خیر سے اب کافی سمجھدار ہوگئی ہیں۔۔۔ اگر یہ کہوں کہ ان شہزادیوں کو بہورانی نے خاصا سمجھدار کیا ہے۔۔۔ تو غلط نہ ہوگا۔۔۔ ہوا کیا؟ سائیں جی بولے۔۔۔ سائیں جی۔۔۔ وہی جو ہوتا ہے۔۔۔ روز روز کی بک بک

محمد نوید اسلم

سے تنگ آ کر میں نے آخر بیٹے کو الگ کردیا۔۔۔ دل میرا خون کے آنسو پی کر رہ گیا۔۔۔ میں نے محنت مزدوری کر کے بچوں کو پڑھایا لیکن۔۔۔ میرا گھر میری جنت مجھے۔۔۔ کسی دوزخ سے کم نہیں لگنے لگا تھا۔۔۔ میں، میری بیٹیاں، میری گھر والی۔۔۔ سب اس گھر جس کو تنکا تنکا کرکے بنایا۔۔۔ جنت بسائی۔۔۔ روز عذاب لگتا تھا کہ گھر جائیں۔۔۔ ہمیں تو گھر میں سکون ہی نہیں تھا۔۔۔ یوں سمجھے کہ۔۔۔ زیادہ وقت گھر سے باہر گزرتا اور تو اور میری شہزادیاں بھی گھر سے باہر خالہ اور ماموں کے گھر رہنا پسند کرتیں۔۔۔ میں نے تنگ آ کر۔۔۔ بالآخر بیٹے اور بہو کو الگ کر دیا۔۔۔ بات کرتے کرتے۔۔۔ شہزاد بھائی۔۔۔ کی آنکھیں نم ہو گئیں۔۔۔ چپ سائیں نے نتھو کو پانی کا گلاس دینے کا کہا۔۔۔
چپ سائیں توقف کے بعد بولے۔۔۔ بھائیو۔۔۔ پتہ نہیں۔۔۔ آج کل کی بچیوں کو کیا ہو گیا ہے۔۔۔ وہ چاہتی ہیں کہ جس گھر بیاہ کر جائیں۔۔۔ وہاں پر وہ بھی اکیلی ہوں اور ان کا صاحب یعنی گھر والا بھی بس اکیلا ہی ہو۔۔۔ بیٹیاں تو سفیر ہوتی ہیں۔۔۔ ان کو سفیروں جیسا ہی ہونا چاہیئے۔۔۔ تاکہ وہ لوگوں کا گھر بسائیں اور اس کو جنت بنائیں۔۔۔ نہ کہ یہ کریں کہ "میں وی کلی تے تو وی کلا"۔۔۔ اور گھر کے دیگر بسنے والے خصوصی طور پر اس گھر کی بچیاں ذہنی اذیت کا شکار ہو جائیں اور گھر میں رہنے کی بجائے۔۔۔ دوسروں کے گھر بسیرا کرنے کا سوچیں۔۔۔ صاحبو! گھر وہ جگہ ہے جہاں دل کو سکون کی امید ہوتی ہے، ایک پناہ گاہ، جہاں باہر کی دنیا کی تلخیاں دروازے کی دہلیز پر رک جائیں۔ مگر جب باہر کی فضا مسلسل خوف، ناانصافی اور بے یقینی سے لبریز ہو، تو وہ سکون، جو ہم دیواروں کے اندر تلاش کرتے ہیں، دھیرے دھیرے بے معنی ہو جاتا ہے۔ یہ خونی رشتے اینٹوں کے مکان کو گھر بناتے ہیں اور اسی گھر کو تنکا تنکا کر کے اینٹوں تک محدود کر دیتے ہیں۔۔۔ دوستو! کیونکہ سکون صرف چار دیواری سے نہیں آتا، بلکہ اس معاشرے سے جڑا ہوتا ہے، جس میں ہم سانس لیتے ہیں۔
ہم نے اپنے گھروں کو قلعوں کی طرح بنا لیا ہے محفوظ، مضبوط، اور خاموش۔ مگر۔۔۔ جب گھر میں بے سکونی کی کیفیت ہو اور گھر سے باہر جانے کو دل کریں تو وہ خوابوں کا محل کس کام کا؟۔۔۔ صاحبو!۔۔۔ سکون ایک اجتماعی تصور ہے، ذاتی نہیں۔ اگر میرے ہمسائے کا بچہ خوف میں سوتا ہے، تو میرے گھر کا پرسکون کمرہ مجھے چین نہیں دے سکتا۔ انسان ہمیشہ سے سکون کا متلاشی رہا، وہ گھر بناتا ہے، دیواریں کھڑی کرتا ہے، دروازے بند کرتا ہے، تاکہ خود کو بے چینی، شور، اور خطرات سے محفوظ رکھ سکے۔ مگر کیا صرف دروازے بند کر لینے سے سکون حاصل ہو جاتا ہے؟ نہیں ہرگز نہیں۔۔۔ ٹوٹ پھوٹ اندر سے ہی شروع ہوتی ہے اور پھر۔۔۔ خدا کی پناہ۔۔۔ میرے پاس الفاظ نہیں ہیں۔ کسی بھی معاشرے کا امن صرف انفرادی سطح پر نہیں بلکہ اجتماعی سطح پر قائم ہوتا ہے۔ دوستو! میں آج کی ماؤں کو یہ پیغام دوں گا۔۔۔ وہ اپنی بیٹیوں کو اپنے گھر میں بے شک ہر سہولت اور خوشی دیں لیکن یہ سبق بھی دیں کہ جب وہ والدین کا گھر چھوڑ کر سسرال جائیں تو۔۔۔ اس کو ہی اپنا گھر سمجھیں اور اس کو جنت بنائیں۔۔۔ چاہے وہاں پر دولت کی فراوانی نہ ہو لیکن اتنا سکون ہو کہ اس گھر کے افراد کی زبان پر اس بچی کا ہی نام ہو۔۔۔ لیکن یہ بھی کہوں گا کہ بھائیو آنے والی کو تھوڑا وقت دو۔۔۔ اس کو سمجھو اور سمجھاؤ کہ گھر گھر ہستی کیا ہے؟۔۔۔ لیکن یہ کام بیٹے پر چھوڑو اور چھوٹی چھوٹی باتوں کو درگزر کرو۔۔۔ تاکہ گھر جنت بن سکے نہ کہ دوزخ کی مانند۔۔۔ لڑکیاں سسرال کو جنت بنائیں اور رشتوں کو جوڑیں نہ کہ توڑیں۔۔۔ یہ بات بھی اپنی جگہ درست ہے کہ خواتین اگر چاہیں تو گھر کا ماحول محبت بھرا، پرسکون اور خوشگوار بنا سکتی ہیں، لیکن اس بات کا دوسرا رخ بھی ہے جسے نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔۔۔ صرف لڑکی پر یہ ذمہ داری ڈال دینا کہ وہ رشتے جوڑے، سسرال کو جنت بنائے، یہ غیر منصفانہ ہے۔

مارخور جب شکار پر نکلتے ہیں تو خالی ہاتھ واپس نہیں آتے!

فتنہ خوارج اس وقت وطن عزیز کے مختلف علاقوں میں اپنے ناپاک عزائم کیلئے متحرک ہے۔ یہ گروہ شاید یہ سمجھ چکا تھا کہ پاک فوج کے بہادر جوانوں پر چھپ کر حملے کر کے آپریشن سے روکا جا سکتا ہے لیکن یہ جانتے ہی نہیں کہ مارخور جب شکار پر نکلتے ہیں تو خالی ہاتھ واپس نہیں آتے۔ حال ہی میں دہشت گردی کی لہر میں اورکزئی اور ڈی آئی خان کے واقعات سب کے سامنے ہیں۔ دہشت گردوں نے پاک فوج کو ٹارگٹ کیا اور پھر پاک فوج کے بہادر جوانوں نے بھی بدلہ خوب لیا ان تمام حالات میں یہ واضح ہو گیا کہ پاک فوج کبھی بھی مشن سے پیچھے نہیں ہٹتی۔ مذاکرات۔۔۔ اور وہ بھی دہشت گردوں سے؟؟
آخر کیوں؟؟
ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کی حالیہ پریس کانفرنس نے ملک کے امن وسلامتی کے سلسلے میں وہ حقائق سامنے رکھ دیئے جو نظر انداز نہیں کیے جا سکتے۔ اعداد وشمار خود اپنی زبان بولتے ہیں۔۔۔ 2024ء میں 799 دہشتگرد مارے گئے، جس کا مطلب ہے تقریبا ہر ایک دن بعد دو دہشتگردوں کا خاتمہ۔ اسی سال 577 افراد نے جام شہادت نوش کیا۔ جن میں 272 جوان، 140 پولیس اہلکار اور 165 بے گناہ شہری شامل تھے۔ 2025ء میں اب تک 10,115 انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز ہو چکے ہیں۔ 917 دہشتگرد مارے گئے اور 516 جانیں وطن پر نثار ہوئیں جن میں 311 جوان، 173 پولیس اہلکار اور 32 شہری شامل ہیں۔ پاک فوج کے جوانوں اور بے گناہ شہریوں کی شہادت پر ہر پاکستانی دکھ میں ہے۔ یہ وہ قیمتی جانیں ہیں جو وطن پر قربان ہوئی ہیں۔ ایسے حالات میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا

کومل سلیم

دہشت گردوں سے مذاکرات ہو سکتے ہیں؟ ڈی جی آئی ایس پی آر نے اپنی گفتگو میں واضح کیا کہ دہشتگردی میں اضافے کی بڑی وجہ نیشنل ایکشن پلان پر مکمل عملدرآمد نہ ہونا ہے۔ یہ بات اگرچہ طویل عرصے سے سنی جارہی ہے، مگر اب پاک فوج نے اپنی پالیسی واضح کی ہے اور اپنے خدشات کا اظہار کیا ہے کہ نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد بہت ضروری تھا۔ نیشنل ایکشن پلان ایک وسیع پالیسی دستاویز ہے جس کا مقصد قیام امن کے ساتھ ساتھ انتہا پسندی کا جڑ سے خاتمہ ہے۔ نیشنل ایکشن پلان دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے لئے موت کا پیغام تھا۔ اس پر عملدرآمد میں شق در شق ناکامی کی قیمت ہمارے جوانوں کی قربانیوں کی صورت میں ادا کی جا رہی ہے۔ ایک اور اہم نکتہ جو ڈی جی آئی ایس پی آر نے اٹھایا ہے وہ خارجہ امور سے متعلق تھا۔ افغانستان کی سرزمین پر غیر ریاستی عناصر کی موجودگی کسی سے ڈھکی چھپی نہیں۔ شواہد بہت واضح ہیں۔ افغانستان میں بھارت کا آپریشنل بیس قائم ہے۔ افغانستان اپنی سرزمین کا غلط استعمال نہیں روک پایا۔ غیر ریاستی عناصر افغانستان میں موجود ہیں جس کے حوالے سے پاکستان دنیا بھر میں آواز اٹھا چکا ہے۔ افغانستان میں موجود امریکی اسلحہ صرف پاکستان نہیں بلکہ تمام خطے کے لئے خطرہ ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ اگر کوئی پڑوسی ریاست یا اس کی سرزمین ہمارے خلاف استعمال ہو رہی ہے تو آواز اٹھانا ناگزیر ہے۔ پاکستان اس حوالے سے دو طرفہ مذاکرات کی پالیسی پر یقین رکھتا ہے مگر ساتھ ہی ساتھ دفاع اور اپنے آپ کو محفوظ رکھنے کا حق بھی محفوظ رکھتا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے اہم ترین پریس کانفرنس میں مزید کہا کہ پاکستان کا موقف واضح ہے۔ ہم برادر اسلامی ملک کے طور پر امن، استحکام اور باہمی احترام کے خواہاں ہیں۔ پاکستانی قوم سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی مانند دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے سامنے ڈٹی رہے گی۔ شہداء کا خون کسی صورت رائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا۔
ڈی جی آئی ایس پی آر نے دوران پریس کانفرنس خیبر پختونخوا کا خصوصی ذکر کیا جو کہ وقت کی اہم ترین ضرورت تھا۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخواہ میں گورننس اور عوامی فلاح و بہبود کو جان بوجھ کر کمزور کیا گیا اور اسی دہشتگردی کے پیچھے "سیاسی اور مجرمانہ گٹھ جوڑ" ہے۔ رواں سال انسداد دہشتگردی عدالت خیبر پختونخوا میں کسی دہشتگرد کو سزا نہیں دی گئی اور یہ تشویش ناک حقیقت ہے کیونکہ ناکافی قانونی کارروائی، تاخیر یا ثبوت نہ ہونے کی وجہ سے مجرمانہ نیٹ ورکس کو بڑھنے کا موقع ملتا ہے۔ یہی خلا دہشتگردی کے خاتمے میں رکاوٹ بنتی ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے بعض عناصر کی جانب سے گمراہ کن بیانیہ کو بھی بے نقاب کیا۔ یعنی ایسے نظریات اور پروپیگنڈا جن کا مقصد نفرت، فرقہ واریت یا قیام امن کے خلاف بیانیہ کی تشہیر ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے خوارج اور ان کے سہولت کاروں کو سخت وارننگ دی تین آپشنز تجویز کیے، یا تو وہ خود دہشتگردوں کو ریاست کے حوالے کریں، یا ریاست کے ساتھ مل کر ان کے خلاف کارروائی کریں، یا پھر ریاست کے ایکشن کے لئے تیار رہیں۔ اس موقف میں واضح وارننگ ہے اور پالیسی عیاں ہے کہ اب کسی دہشت گرد اور سہولت کار کو معافی نہیں ملنے والی۔ ساتھ ہی انہوں نے یہ بھی کہا کہ کیا بھارت کے ساتھ بیٹھ کر پاکستان کیخلاف سازش کرنے والوں سے بات چیت کا فیصلہ درست ہے؟ ہر مسئلے کا حل بات چیت نہیں۔

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: ڈاکٹر خرم شہزاد، سب ایڈیٹر انجم بلوچ فون 081-2470990 فیکس 081-2470991۔ بیورو چیف گوادر عبدالغفور بلوچ، پتہ ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر 0332-236423۔ میاں جزاک اللہ ریزیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد۔ موبائل نمبر 0300-9847010 فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450 ای میل isb33@yahoo.com

شال بقیہ 1

کہا کہ دہشت گردی کے واقعات قابل مذمت ہیں، بے گناہ انسانی جانوں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک ہے۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے متاثرہ خاندانوں اور زخمیوں سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف پوری قوم متحد ہے، امن و استحکام کے لیے قومی عزم کو مزید مضبوط کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے اجتماعی کوششیں ناگزیر ہیں۔

شال بقیہ 2

کر رہے ہیں تو دہشتگردی کافی حد تک کم ہوجائے، اپوزیشن کے سمجھدار لوگوں سے امید ہے کہ احتجاج کے فیصلے پر نظرثانی کریں گے۔ جمعہ کو وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ کا تفصیلی فیصلہ آچکا ہے، اس کے بعد اسلام آباد پر دھاوا بولنے کی کوئی صورت نہیں بنتی، اگر یہ جتھا لانا چاہتے ہیں تو ہم پوری طرح تیار ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ کوئی بھی عدالتی فیصلے کی خلاف ورزی کرتا ہے تو پہلے توہین عدالت کی کارروائی کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ آپ ضرور احتجاج کریں اپنے علاقے اور شہر میں کریں، اسلام آباد کو بند کرنا یا احتجاج کے نام پر حملے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ انہوں نے کہا کہ خیبرپختونخوا میں ہم دہشتگردی کے خلاف جنگ لڑ رہے ہیں، احتجاج، لوگوں کو جمع کرنے یا چندہ جمع کرنے کے بجائے توجہ دہشتگردی کے خلاف جنگ پر ہونی چاہیے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ پہلے سے بتا رہے ہیں تاکہ کسی کو غلط فہمی نہ ہو، بعد میں گلہ نہ کرے، ابھی ہماری لا اینڈ آرڈر کی صورتحال پر تفصیلی میٹنگ ہوئی ہے۔ اجلاس میں آئندہ آنے والے دنوں میں اپوزیشن کی احتجاج کی کال پر غور کیا گیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ عدالتی فیصلے کے بعد کوئی نکلا تو پہلے توہین عدالت کی کارروائی کریں گے، دوسری صورت میں ہم کسی کو نکلنے نہیں دیں گے، صوبوں کو بھی بتادیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا پر ایک خاص قبیلے کا ذکر ہو رہا ہے کہ وہ خاص طور پر اسلام آباد آئیگا، ماضی میں ہمارا بہت نقصان ہوا اور اسلحے کا استعمال کیا گیا، اس احتجاج میں کسی کی جان جاتی ہے تو ذمہ دار جتھے لانے والے ہوں گے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ زیب نہیں دیتا کہ ایک طرف شہدا کے جنازے اٹھائیں دوسری طرف دھرنے کی تیاری کریں، وزیراعلیٰ دہشتگردوں کا مقابلہ کرنے کیلئے اتنی تیاری کریں جتنی دھرنے کیلئے کر رہے ہیں تو دہشتگردی کافی حد تک کم ہوجائے۔ محسن نقوی نے کہا کہ وزیراعظم نے کتنی بار پارلیمنٹ میں آپ کو بات چیت کی دعوت دی۔ انہوں نے کہا کہ ہم تیار ہیں، اس دفعہ وہ بے امنی نہیں پھیلانے دیں گے جو ماضی میں کچھ لوگ پھیلاتے رہے ہیں۔ اگر یہ جتھا لانا چاہتے ہیں تو ہم پوری طرح تیار ہیں۔ آج ہم نے ان سے نمٹنے کیلئے تیاری پوری کرلی ہے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ تمام صوبوں کے ساتھ مشاورت کے بعد ہماری تیاری پوری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی اپنی پارٹی کے اندر سروے کروالے تو اکثریت کو پتہ نہیں ہوگا کہ کیوں آرہے ہیں۔ ان کو محب وطن پاکستانی کے طور پر سوچنا چاہیے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ سیاسی سرگرمی اور ہوتی ہے، جتھوں کی صورت اور مسلح آنا اور بات ہے، وزارت داخلہ کا کام ہے کہ جتھوں کو روکے۔ اپوزیشن میں بہت سے سمجھدار لیڈر ہیں، امید ہے وہ اب بھی اس پر سوچیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میں یا طلال چوہدری یا کوئی اور بھی اس سیٹ پر بیٹھا ہو اس کا فرض ہے کہ ہم نے جان و مال، اسلام آباد اور اپنے علاقے کا تحفظ کرنا ہے اور اس طرح کے احتجاج کو روکنا ہے، یہ وزیر داخلہ کا کام ہے محسن نقوی کا کام نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی جلسے جلوس اور اس طرح یلغار کرنے والے جتھوں میں فرق ہوتا ہے، سیاسی جلسے جلوس ہوتے رہتے ہیں، سیاسی سرگرمیاں بھی ہوتی رہتی ہیں لیکن یہ جتھے اور ہر طرح سے مسلح ہوکر آنا کسی بھی طرح سیاسی سوچ کی عکاسی نہیں ہے نہ کسی سیاسی جماعت کو زیب دیتا ہے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ واضح کروں گا کام سب اس بات پر فوکس کر رہے ہیں کہ اس دفعہ عدالت کے فیصلے اور اس سے پہلے کی تمام چیزوں سے یہ واضح ہے کہ اللہ نہ کرے ایک بھی جان جاتی ہے تو اس کے ذمہ دار وہ منتظمین ہوں گے جو اس سارے جتھے کو اکٹھا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن میں بہت سارے سنجیدہ قائدین موجود ہیں، مجھے ان سے توقع ہے کہ اس لڑائی جھگڑے سے ان کو کوئی فائدہ نہیں ہے اور اس سے ان کا نقصان ہی نقصان ہے، ملک اور ہماری معیشت کا نقصان ہے، اس صوبے اور صوبے کے عوام کا نقصان ہے، اپوزیشن میں سنجیدہ قیادت اس فیصلے پر نظرثانی کریں گے کیونکہ آخر میں بیٹھ کر بات کرنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے بھی کتنی دفعہ کہا میں بات چیت کرنے کو تیار ہوں اگر لوگ سمجھتے ہیں کہ جتھوں سے مسئلے حل ہوتے ہیں تو ضرور کریں ہم اس کے لیے بالکل تیار ہیں اور ہم نے اپنی تیاری کو حتمی شکل دے دی ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ اس دفعہ چاہے وفاقی یا صوبائی ہمارے قانون نافذ کرنے والے ادارے ہیں سب تیار ہیں اور ہم کسی بھی صورت میں وہ بدامنی پھیلانے نہیں دیں گے جو ماضی میں لوگ پھیلاتے رہے ہیں۔ اس موقع پر پراسیکیوٹر جنرل اسلام آباد منظور احمد ججہ نے کہا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ نے بیلاروس کے صدر کے آنے سے پہلے بھی فیصلہ دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے احتجاج سے اسلام آباد میں اسکول اور بازار بند اور ہم دنیا سے لاتعلق ہوجاتے ہیں۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے معاملے کی سنگینی مدنظر رکھتے ہوئے لارجر بینچ بنایا۔ پراسیکیوٹر جنرل اسلام آباد نے کہا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ نے سرکاری مشینری اور افسران کو احتجاج میں شامل ہونے سے روکا ہے، تمام چیف سیکرٹریز اور آئی جیز کو ہدایات دے دی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو اپنے حلف کی خلاف ورزی کرے گا اس پر آرٹیکل 5 لگے گا۔ حلف کی خلاف ورزی پر آرٹیکل 5 سے بھی آگے کارروائی ہوسکتی ہے۔ منظور ججہ نے کہا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلے پر من و عن عمل کرنا ہوگا، بصورت دیگر کارروائی ہوگی۔

شال بقیہ 3

قوم کے عزم اور حوصلے کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔ انہوں نے شہید جوانوں کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے بہادر سپوت وطن کے دفاع اور امن کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں۔ دوسری جانب وزیر اعظم شہباز شریف نے ہنگو اور شمالی وزیرستان میں 10 خوارج کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے دہشت گردوں کے خلاف بہادری سے لڑتے ہوئے شہید ہونے والے 6 جوانوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ شہباز شریف کا کہنا ہے کہ وطن، امن و سلامتی کے لیے جانوں کا نذرانہ دینے والے ہمارے بہادر سپوت پوری قوم کے ہیرو ہیں، شہداء کی عظیم قربانیاں قوم کے لیے مشعل راہ ہیں اور ان کا لہو رائیگاں نہیں جائے گا۔ وزیر اعظم نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی۔

شال بقیہ 4

کی بڑی وجہ یہ امید ہے کہ مشرق وسطیٰ سے تیل کی ترسیل کے لیے متبادل راستے دستیاب ہوسکتے ہیں، جس سے عالمی سپلائی پر دباؤ کم رہ سکتا ہے۔ دوسری جانب سعودی عرب اور یمن کے ایران نواز حوثیوں کے درمیان سرحد پر تازہ حملوں نے خطے میں جنگ کا دائرہ مزید بڑھنے کے خدشات پیدا کیے ہیں۔ تاہم سرمایہ کاروں نے فی الحال ان حملوں کے باعث تیل کی سپلائی کو لاحق خطرات کو زیادہ اہمیت نہیں دی۔ ماہرین کے مطابق آئندہ دنوں میں تیل کی قیمتوں کا رخ مشرق وسطیٰ میں جنگ کی صورتحال، سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان کشیدگی اور عالمی منڈی تک تیل پہنچانے کے متبادل راستوں کی دستیابی سے متاثر ہوگا۔

شال بقیہ 5

آپریشن میں 20 ایمبولینسز، ریسکیو وہیکلز، ریکوری وہیکل سمیت 60 سے زائد ریسکیو اہلکار حصہ لے رہے ہیں۔ حکام نے کہا کہ پولیس لائنز کے احاطے میں پولیس اور سی ٹی ڈی کا فتنہ الخوارج سے مقابلہ جاری ہے، ابتدائی اطلاعات کے مطابق دھماکے کے بعد ایک خودکش حملہ آور نے سپیشل برانچ بلڈنگ کے قریب خودکو دھماکے سے اڑایا، اب تک ایک دہشتگرد سنائپر مقابلے میں جہنم واصل ہوچکا آئی جی پی نے کہا کہ فتنہ الخوارج کے مکمل خاتمے تک آپریشن جاری رہے گا، خیبرپختونخوا پولیس کے حوصلے بلند ہیں، دہشتگردوں کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے۔ کوہاٹ پولیس لائنز مسجد پر دھماکے کے بعد 7 مسلح دہشتگردوں نے پولیس لائنز میں دراندازی کی، پولیس اور سی ٹی ڈی نے دہشتگردوں کا بھرپور مقابلہ کیا، ابتدا میں دہشتگردوں کے اسنائپر کو جہنم واصل کر دیا گیا۔ اب تک کی اطلاعات کے مطابق خودکش بمبار اور سنائپر سمیت 6 دہشتگرد جہنم واصل ہوچکے ہیں، دہشتگردوں کے خلاف کلیئرنس آپریشن آخری مراحل میں داخل ہوگیا ہے۔ آئی جی خیبرپختونخوا ذوالفقار حمید نے کہا کہ خیبرپختونخوا پولیس دہشتگردوں کو صفحہ ہستی سے مٹانے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے۔ کاؤنٹر ٹیرازم ڈیپارٹمنٹ کوہاٹ کے مطابق ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی خود جائے وقوع پر پہنچ گئے ہیں، جہاں فتنہ الخوارج کے خلاف آپریشن جاری ہے۔ سی ٹی ڈی جوانوں اور دہشت گردوں کے مابین فائرنگ کا تبادلہ جاری ہے جبکہ ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی خود جائے وقوع کے اندر داخل ہوکر آپریشن میں براہ راست حصہ لے رہے ہیں اور جوانوں کی قیادت کر رہے ہیں۔

شال بقیہ 6

ذرائع کے مطابق مسلح افراد نے مبینہ طور پر دھماکہ خیز مواد کے ذریعے کردگاپ کے مقام پر کوئٹہ۔ تفتان روڈ کے مرکزی پل کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں پل کو شدید نقصان پہنچا اور وہ تباہ ہوگیا۔ واقعے کے بعد سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا جبکہ واقعے کی تحقیقات اور ملزمان کی تلاش کے لیے کارروائی شروع کردی گئی ہے۔ پل کی تباہی کے باعث کوئٹہ۔ تفتان شاہراہ پر ٹریفک کی روانی متاثر ہونے کا خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے، جبکہ متعلقہ حکام کی جانب سے صورتحال کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ اگر آپ چاہیں۔

شال بقیہ 7

میں اصلاحات اور نجی شعبے کی شمولیت سے متعلق اقدامات پر بھی بریفنگ دی جائے گی۔ حکومت نے بجلی کی مسابقتی مارکیٹ کے لیے ٹیرف طے کرلیا، تاہم نیلامی کا عمل تاحال شروع نہیں ہوسکا، جبکہ اسلام آباد، فیصل آباد اور ملتان الیکٹرک کمپنیوں کی نجکاری کے لیے اظہار دلچسپی کے نوٹس جاری کیے جاچکے ہیں۔ مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں نے بھی تقسیم کار کمپنیوں کی خریداری میں دلچسپی ظاہر کی ہے۔ بجلی کے شعبے کا گردشی قرض سولہ سو چودہ ارب روپے تک محدود رکھنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جبکہ جنوری دو ہزار ستائیس میں بنیادی ٹیرف میں ردوبدل متوقع ہے۔ آئندہ سال بجلی کی سبسڈی مستحق صارفین کو انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے دینے کی تجویز ہے، تاہم بجلی کی مکمل لاگت وصولی اور کراس سبسڈی کے خاتمے سے ٹیرف بڑھنے کا خدشہ ہے۔

شال بقیہ 8

والوں کی سخت تلاشی لی گئی بازار کے اہم چوکوں اور حساس مقامات پر بھی فورسز تعینات کئے گئے جبکہ کوئٹہ آنے والی گاڑیوں کی تلاشی بھی سخت کردی گئی نماز جمعہ کے دوران علماء کرام نے ملک کے استحکام دہشتگردی کی خاتمے اور امت مسلمہ کی کامیابی کیلئے اجتماعی دعا بھی کی گئی کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کی انتظامات انتہائی سخت کردی گئی مساجد اور امام بارگاہوں کے باہر فورسز کو تعینات کرکے مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھی گئی اسی طرح مساجد میں جانے والے لوگوں کی بھی تلاشی لی گئی ساتھ میں کوئٹہ کے مختلف حساس علاقوں اور چوکوں پر بھی فورسز تعینات کئے گئے جبکہ کوئٹہ میں داخل ہونے والے گاڑیوں کی بھی تلاشی سخت کردی گئی نماز جمعہ کے دوران علماء کرام نے دہشتگردی کی خاتمے ملک کی استحکام اور امت مسلمہ کی کامیابی کیلئے خصوصی دعا کی گئی اور نماز جمعہ کے خطبے کے دوران عوام پر زور دیا کہ وہ آپس میں اختلافات ختم کرکے ان شیطانی قوتوں کے خلاف متحد ہوجائے جو ملک کو کمزور کرنا چاہتے ہیں انہوں نے کہا کہ اسلام واحد مذہب ہے جو انسانیت کا درس دیتا ہیں جو لوگ اسلام کے نام پر دہشتگردی کرتے ہیں ان کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں بلکہ ان کو انسان کہلانے کی بھی لائق نہیں ہیں انہوں نے کہا کہ یہ ملک اسلام کے نام پر آزاد ہوا اللہ تعالیٰ خود اس ملک کی حفاظت کرے گا لیکن ہماری بھی فرض بنتا ہے کہ ملک کی استحکام اور کامیابی کیلئے ذاتی مفادات کے ساتھ ملکی مفادات کا بھی خیال رکھیں۔

شال بقیہ 9

سربراہ اور ورلڈ بینک صدر کو بھی ارسال کی گئی ہے۔ وزیراعظم سے مقامی حکومتوں کی مالی خودمختاری کے معاملے پر ذاتی توجہ دینے کا مطالبہ کیا گیا ہے اور زور دیا گیا ہے کہ مقامی حکومتوں کی مالی ضروریات کیلئے خصوصی انتظامات کیے جائیں۔ خط میں کہا گیا ہے کہ مالی خودمختاری نہ ہونے کے باعث شہری بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، صوبوں کیلئے این ایف سی میں اپنائے گئے مالی مساوات کے اصول مقامی حکومتوں تک بڑھائے جائیں۔ ایم کیو ایم کا خط میں کہنا ہے کہ میٹروپولیٹن شہروں کیلئے میٹروپولیٹن سروس بریژن کو بھی این ایف سی کا معیار بنایا جائے۔ نسرین جلیل نے مزید کہا کہ مالی اختیارات کی منتقلی وزرائے اعلیٰ کے دروازے پر ختم نہیں ہونی چاہیے۔

شال بقیہ 10

ڈسٹرکٹ غربی طارق الٰہی مستوئی نے بتایا کہ سرجانی ٹاؤن میں ماں اور تین بچوں کو قتل کرنے والا ملزم پولیس مقابلے میں ہلاک ہوگیا ہے اور فائرنگ کے تبادلے کے دوران پولیس افسر گولی لگنے سے زخمی ہوگیا۔ انہوں نے بتایا کہ ملزم کو آلہ قتل (سریا) کی نشاندہی اور برآمدگی کے لیے پولیس حراست میں موقع پر لے کر گئے تھے، پولیس افسر و اہلکار آلہ قتل (سریا) ڈھونڈنے میں مصروف تھے تو ملزم نے موقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے پولیس اہلکار کا پسٹل نکال لیا۔ ایس ایس پی نے بتایا کہ ملزم نے فرار کی کوشش کے دوران چھینے گئے پسٹل سے اندھا دھند فائرنگ کی، جس سے اے ایس آئی نعمان شیخ گولی لگنے سے زخمی ہوگئے۔ طارق الٰہی مستوئی کا کہنا تھا کہ ساتھی پولیس افسر کی حفاظت خود اختیاری میں کی گئی جوابی فائرنگ سے ملزم محمد ہمایوں خان موقع پر ہلاک ہوگیا اور ہلاک ملزم سے پولیس اہلکار کا چھینا گیا پسٹل قبضہ میں لے لیا گیا اور وہاں سے آلہ قتل (سریا) بھی برآمد کرلیا گیا ہے۔

شال بقیہ 11

روز انسانی جانوں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے، دہشت گردی کے خلاف پوری قوم کو متحد ہو کر موثر اقدامات کرنا ہوں گے۔ سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے کے لئے وفاقی و صوبائی حکومتیں اور قانون نافذ کرنے والے ادارے مل کر کام کریں، خیبرپختونخوا میں امن و امان کی صورتحال پر فوری توجہ دینے کی ضرورت ہے، متعلقہ ادارے واقعہ کی مکمل تحقیقات کرکے حقائق قوم کے سامنے لائیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی دھماکے کے متاثرین اور ان کے لواحقین کے دکھ میں برابر کی شریک ہے۔

شال بقیہ 12

جمعہ کو اپنے مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ پولیس اہلکاروں اور معصوم شہریوں کو دہشت گردی کو نشانہ بنانا انتہائی بزدلانہ اور قابل مذمت اقدام ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی نے دھماکے میں شہید ہونے والوں کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور کہا کہ غم کی اس گھڑی میں شہدا کے لواحقین کے دکھ میں برابر کا شریک ہوں۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی اور کہا کہ معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے والے سفاک درندے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، دہشت گرد عناصر اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کیلئے معصوم اور بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنا رہے ہیں، دہشت گرد اپنے ناپاک عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف متحد ہے، دہشت گردوں کی مذموم کارروائیاں دہشت گردی کے خلاف قوم کے عزم کو متزلزل نہیں کرسکتیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی نے اللہ تعالیٰ سے شہداء کے درجات کی بلندی اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

شال بقیہ 13

والی خواتین نے بتایا کہ چکن کا بجٹ تین گنا بڑھ چکا، محدود آمدنی نے سبزیوں، چکن و دیگر ضروری اشیا کی خریداری مشکل بنا دی ہے۔ شہریوں کے مطابق سرکاری اور مارکیٹ میں قیمتوں میں فرق پریشانی کا باعث ہے، دکانداروں کے مطابق ٹرانسپورٹ اخراجات میں اضافہ فرق کی وجہ ہے۔

شال بقیہ 14

ارب ڈالر کی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچنے پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے اسے معاشی استحکام کی جانب ایک اور تاریخی سنگ میل قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ زرمبادلہ کے ذخائر 21.4 ارب ڈالر تک پہنچنا معاشی ٹیم کی دن رات محنت اور درست سمت میں کئے گئے اقدامات کا ثبوت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ترسیلات زر اور سرمایہ کاری کی برآمدات میں نمایاں بہتری، کرنٹ اکاؤنٹ کی بہتر صورتحال اور مالیاتی نظم و ضبط نے زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافے میں اہم کردار ادا کیا، بین الاقوامی کیپٹل مارکیٹس تک پاکستان کی دوبارہ کامیاب رسائی بھی ملکی معیشت پر عالمی اعتماد کی بحالی کا مظہر ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ نہ صرف ملکی بیرونی ادائیگیوں کی صلاحیت کو مضبوط بنائے گا بلکہ عالمی معاشی مشکلات کا مقابلہ کرنے کی ہماری استعداد بھی کئی گنا بڑھ جائے گی۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ مستحکم معاشی پوزیشن ملک میں بیرونی اعتماد، سرمایہ کاری اور پائیدار معاشی ترقی کے نئے دروازے کھولے گی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، گورنر سٹیٹ بینک، حکومت کی معاشی ٹیم اور بالخصوص بیرون ملک پاکستانی عوام کو اس اہم کامیابی پر خراج تحسین پیش کیا۔

شال بقیہ 15

نومنتخب کابینہ کا بلامقابلہ انتخاب صحافی برادری کے باہمی اتحاد، اعتماد اور یکجہتی کا مظہر ہے۔ انہوں نے صدر منتخب ہونے پر حافظ صلاح الدین سلفی، نائب صدر نور شاہ نور، جنرل سیکرٹری ماجد صمد، ڈپٹی جنرل سیکرٹری ایاز اسلم اور فنانس سیکرٹری مقبول ناصر سمیت تمام عہدیداران کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ تربت پریس کلب مکران بھر میں صحافتی سرگرمیوں کا محور و مرکز ہے جہاں صحافیوں نے ہمیشہ عوامی مسائل، محروم طبقات کی آواز اور علاقائی پسماندگی کو موثر انداز میں اجاگر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے صحافی انتہائی کٹھن، مشکل اور نامساعد حالات میں اپنے پیشہ ورانہ فرائض سرانجام دے رہے ہیں، فرائض کی ادائیگی کے دوران بلوچستان کے بہت سے بہادر صحافیوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا جو صحافتی تاریخ میں ایک روشن باب ہے انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں جب جھوٹی خبروں اور سنسنی کا رجحان بڑھ رہا ہے صحافیوں کی ذمہ داری مزید بڑھ جاتی ہے کہ وہ تحقیق، غیر جانب داری اور صحافتی اخلاقیات کو مقدم رکھیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ نئی کابینہ آزادی صحافت کے تحفظ، صحافتی اقدار کے فروغ، صحافیوں کی فلاح و بہبود اور پریس کلب کے انتظامی امور کو مزید فعال بنانے کے لیے بھرپور کردار ادا کرے گی۔

شال بقیہ 16

اطلاع پر اہلکار موقع پر پہنچ گئے اور لاشوں کو تحویل میں لے کر ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق برآمد ہونے والی لاشوں کی تاحال شناخت نہیں ہوسکی، جبکہ واقعے کے محرکات اور ہلاک افراد کی شناخت کے حوالے سے مزید تحقیقات جاری ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے سے متعلق شواہد اکٹھے کیے جارہے ہیں اور مختلف پہلوؤں سے تحقیقات کی جارہی ہیں۔

شال بقیہ 17

مغربی یمن کے ضلع الوازعیہ میں فضائی کارروائیوں کے دوران حوثیوں کی متعدد گاڑیوں کو بھی نشانہ بنایا جس سے انہیں نقصان پہنچا۔ علاوہ ازیں سعودی طیاروں نے یمن کے مغربی علاقوں میں حوثیوں کے متعدد ٹھکانوں کو نشانہ بنایا اور 24 گھنٹوں میں 54 فضائی حملے کیے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یمنی فضائی حدود میں سعودی عرب کو نمایاں برتری حاصل ہے جبکہ حوثیوں کے پاس نہ موثر فضائیہ ہے اور نہ مضبوط فضائی دفاعی نظام اور نہ ہی سعودی فضائی کارروائیوں کا مقابلہ کرنے کی قابل ذکر صلاحیت۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سعودی عرب اپنی فضائی حدود سے لے کر مقدس مقامات تک جدید دفاعی نظام کے ذریعے اپنی دفاعی صلاحیت کا مظاہرہ بھی کرچکا ہے۔ یاد رہے کہ مکہ مکرمہ کی جانب بڑھنے والے حوثی ڈرون کو سعودی فضائی دفاعی نظام نے فضا ہی میں تباہ کیا تھا۔ سعودی عرب نے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ سمیت مقدس مقامات کے تحفظ کے لیے دفاعی نظام کی متعدد پرتیں قائم کر رکھی ہیں جن میں پیٹریاٹ فضائی دفاعی نظام، جدید ریڈارز، میزائل لانچرز اور اورلیکن 35 ملی میٹر اینٹی ایئر کرافٹ گنز شامل ہیں۔

شال بقیہ 18

سنزل روڈ پر پیش آیا جہاں نامعلوم ملزمان نے گاڑی کو نشانہ بنایا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور قانون نافذ کرنے والے ادارے کے اہلکار فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئے، جبکہ مقتول کی لاش کو ضروری کارروائی کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ اس اندوہناک واقعے کے محرکات جاننے کے لیے تمام پہلوؤں سے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

شال بقیہ 19

جس کے مطابق 51 اشیائے ضروریہ میں سے 19 کی قیمتوں میں اضافہ، 9 میں کمی جبکہ 23 اشیا کی قیمتیں مستحکم رہیں۔ رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے میں ڈیزل کی قیمت 7.29 فیصد، پیٹرول 6.40 فیصد اور ایل پی جی 3.26 فیصد مہنگی ہوئی۔ لہسن کی قیمت میں 1.94 فیصد اور انڈے 1.72 فیصد مہنگے ہوئے، جبکہ چنے کی دال، مسور، مونگ کی دال، ڈبل روٹی، سرسوں کا تیل اور مٹن کی قیمتوں میں بھی اضافہ ریکارڈ کیا گیا، ایک ہفتے میں کیلے 6.17 فیصد، ٹماٹر 5.66 فیصد، پیاز 4.57 فیصد اور مرغی 2.33 فیصد سستی ہوئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایک سال کے دوران ایل پی جی 60.42 فیصد، ڈیزل 54.21 فیصد اور پیٹرول 48 فیصد مہنگا ہوا، کم آمدنی والے طبقے کیلئے بجلی کے نرخ 33.54 فیصد بڑھے۔ رپورٹ کے مطابق مرچ پاؤڈر 16.37 فیصد، مٹن 15.86 فیصد اور گائے کا گوشت 12.88 فیصد مہنگا ہوا، آٹا 33.27 فیصد مہنگا ہوا، جبکہ کیلے، ڈبل روٹی اور تازہ دودھ کی قیمتیں بھی گزشتہ سال کے مقابلے میں بڑھ گئیں۔ دوسری جانب آلو کی قیمت میں سالانہ بنیادوں پر 35.31 فیصد، چینی 20.95 فیصد، انڈے 19.31 فیصد اور مرغی کی قیمت میں 15.26 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی، نمک، چنے کی دال، مسور اور مونگ کی دال بھی گزشتہ سال کے مقابلے میں سستی ہوئیں۔

شال بقیہ 20

حادثے کے بعد علاقے میں سوگ کی فضا ہے۔

شال بقیہ 21

افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کی۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لئے دعا بھی کی۔ محسن نقوی نے اپنے بیان میں کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں پوری قوم شہداء کے خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ خوارجیوں کی بزدلانہ کارروائیاں دہشت گردی کے خلاف قوم کے پختہ عزم کو کبھی کمزور نہیں کر سکتیں۔

شال بقیہ 22

پر بات کرتے ہوئے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ مسائل کے حل اور پائیدار امن کے لیے مذاکرات اور سفارتکاری ہی واحد قابل عمل راستہ ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اس ملاقات میں پاکستان، ترکیہ کے درمیان دوطرفہ تعاون مزید بڑھانے کے بارے میں بات چیت ہوئی، ترک سفیر نے مختلف دوطرفہ ادارہ جاتی میکنزمز پر پیشرفت سے آگاہ کیا۔ ترکیہ کے سفیر نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان اعلیٰ سطحی رابطوں کے بعد تعاون میں پیشرفت جاری ہے۔ اس موقع پر اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان ترکیہ کے ساتھ تزویراتی شعبوں میں تعاون مزید گہرا کرنے کے لیے پرعزم ہے، مشترکہ کمیشن اور ہائی لیول اسٹریٹجک کوآپریشن کونسل کے آٹھویں اجلاس کی تیاریوں پر توجہ دی جائے گی، متعلقہ ادارے مشترکہ کمیشن اور اسٹریٹجک کوآپریشن کونسل کی تیاریوں کے لیے قریبی رابطہ رکھیں۔ قبل ازیں برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ کی وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات ہوئی جس میں پاکستان اور برطانیہ کے تعلقات پر گفتگو ہوئی۔ وزیر خارجہ نے دورہ برطانیہ میں طے ہوئی مفاہمتوں پر عملدرآمد کے حوالہ سے بات کی، مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے طریقوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ نائب وزیراعظم نے اسحاق ڈار نے اعلیٰ سطحی روابط کی اہمیت پر زور دیا، ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی اور عالمی صورتحال پر بھی گفتگو ہوئی۔

شال بقیہ 23

پہنچے تو فلائی جناح کے عملے نے انہیں بتایا کہ پرواز پہلے ہی ساڑھے 10 بجے روانہ ہوچکی ہے۔ مسافروں کا کہنا ہے کہ پرواز کے مقررہ وقت سے تقریباً دو گھنٹے قبل روانہ ہونے کی اطلاع نے انہیں حیران و پریشان کردیا، کیونکہ عام طور پر پروازوں کے تاخیر سے روانہ ہونے کی شکایات سامنے آتی ہیں، لیکن مقررہ وقت سے پہلے پرواز روانہ ہونے کا معاملہ انتہائی غیر معمولی ہے۔ متاثرہ مسافروں نے مزید بتایا کہ فلائی جناح کے عملے کی جانب سے انہیں مناسب تعاون اور متبادل سفری سہولت فراہم نہیں کی گئی، جس کے باعث بعض مسافروں کی اسلام آباد سے آگے بیرون ملک جانے والی پروازیں بھی متاثر ہوئیں اور وہ اپنی بین الاقوامی پروازوں سے محروم ہوگئے۔ مسافروں نے فلائی جناح کی انتظامیہ سے واقعے کا فوری نوٹس لینے، متاثرہ مسافروں کو متبادل سفری سہولت اور ہونے والے نقصان کا ازالہ کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ مسافروں نے متعلقہ حکام سے بھی معاملے کی تحقیقات کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر شکایت کا ازالہ نہ کیا گیا تو وہ فلائی جناح کے سفر کے مکمل بائیکاٹ پر غور کریں گے۔

شال بقیہ 24

سہیل آفریدی کا کہنا تھا کہ شہید پولیس اہلکاروں اور عام شہریوں کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبرپختونخوا دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کا فرنٹ لائن صوبہ ہے، صوبے کے عوام مسلسل دہشتگردی کے خلاف جنگ میں قربانیاں دے رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کا کہنا تھا کہ خیبرپختونخوا کے عوام نے پاکستان کے لیے 80 ہزار سے زائد جانوں کا نذرانہ پیش کیا، ان قربانیوں کے نتیجے میں ملک میں امن قائم ہوا۔ انہوں نے کہا کہ خیبرپختونخوا کے عوام آج بھی دہشتگردی کے خلاف فرنٹ لائن پر لڑ رہے ہیں، اسی وجہ سے باقی پاکستان، بشمول اسلام آباد، میں امن ہے، خیبرپختونخوا کے عوام کی قربانیوں کی قدر کی جانی چاہیے۔ سہیل آفریدی کا کہنا تھا کہ خیبرپختونخوا کے عوام کے خلاف کہے گئے ایک ایک لفظ سے ہمارے زخم تازہ ہوتے ہیں اور ہمارے شہداء کی بے حرمتی ہوتی ہے۔ انہوں نے سب سے بڑے صوبے کے وزیراعلیٰ کی جانب سے یہ کہنا کہ بھارت سے نہیں بلکہ باقی تین صوبوں سے خطرہ ہے، افسوسناک قرار دیا۔ وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا نے کہا کہ خیبرپختونخوا سمیت پاکستان کے تمام صوبے محب وطن پاکستانی ہیں اور سب نے ملک کے لیے قربانیاں دی ہیں، یہاں کے عوام نے پاکستان کے لیے قربانیاں دی ہیں، دے رہے ہیں اور ان شاء اللہ ہمیشہ دیتے رہیں گے۔ سہیل آفریدی کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان ہمارا ملک ہے، کسی بھی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے، عوام کے درمیان تفریق، تعصب اور نفرت پیدا کرنے کی ہر سازش ناکام بنائیں گے، ان شاء اللہ پاکستان ہمیشہ زندہ، قائم اور دائم رہے گا۔

شال بقیہ 25

اوگرا کے چیئرمین کو خط لکھ دیا ہے جس میں او ایم سیز کے زیر التوا 66 ارب روپے کے پرائس گیپ کلیمز اور مارجن پر عملدرآمد کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ مارچ 2026 سے آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے کلیمز زیر التوا ہیں، جن کا تصدیقی عمل جلد مکمل کر کے واجبات ادا کیے جائیں۔ خط میں کہا گیا ہے کہ آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے مارجن میں ستمبر 2023 میں اضافہ کیا گیا تھا، او ایم سیز کے مارجن میں 1.22 روپے فی لیٹر پر عمل درآمد کیا جائے۔ خط میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ حال ہی میں پیٹرولیم ڈیلرز کے لیے 1 روپے 34 پیسے فی لیٹر اضافے پر عمل درآمد کر دیا گیا، تاہم او ایم سیز کے لیے مارجن میں کیا گیا 1 روپے 22 پیسے فی لیٹر اضافہ نوٹیفائی نہیں کیا گیا۔

شال بقیہ 26

غیر ملکی جنگجوؤں کی محفوظ پناہ گاہ بن کر عالمی امن کے لیے سنگین خطرہ بن چکا ہے۔ ساؤتھ ایشیا ٹائمز کی جانب سے جاری کردہ جامع تحقیقاتی رپورٹ طالبان 2.0 دی فائیو ایئر لیجر میں 15 اگست 2021 سے اب تک کی طالبان حکومت کی کارکردگی کا کچا چٹھا کھول دیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق افغان حکومت نے 2020 کے دوحہ معاہدے کی تینوں بنیادی شرائط کی صریحاً خلاف ورزی کی ہے۔ معاہدے کے تحت رہا ہونے والے تقریباً 5000 طالبان قیدی رہائی کے فوری بعد دوبارہ تنازعات کا حصہ بن گئے۔ طالبان نے افغان حکومت کے ساتھ مذاکرات کے بجائے طاقت کے زور پر اقتدار پر قبضہ کیا اور افغان سرزمین کو دہشتگرد تنظیموں کی پناہ گاہ بننے سے روکنے میں مکمل طور پر ناکام رہے۔ رپورٹ میں یہ سنسنی خیز انکشاف کیا گیا ہے کہ اس وقت افغانستان میں 20 سے زیادہ عسکری تنظیمیں اور 13 ہزار کے قریب غیر ملکی جنگجو سرگرم ہیں۔ صرف کالعدم تحریک طالبان پاکستان کے 6000 سے 6500 جنگجو افغان سرزمین پر موجود ہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق سال 2025 میں پاکستان کے اندر ٹی ٹی پی کے 600 سے زیادہ حملے ریکارڈ کیے گئے، جن میں 300 سے زیادہ افغان شہری براہ راست ملوث پائے گئے۔ اس کے علاوہ داعش خراسان اور القاعدہ جیسی عالمی دہشتگرد تنظیمیں بھی اپنی کارروائیوں کے لیے افغان سرزمین کا بے دریغ استعمال کر رہی ہیں۔ طالبان کے دور اقتدار میں بنیادی انسانی حقوق کی شدید خلاف ورزیاں معمول بن چکی ہیں۔ اس وقت 1.1 ملین سے زیادہ لڑکیاں ثانوی تعلیم سے محروم کر دی گئی ہیں، جبکہ سرکاری ملازمتوں میں خواتین کا تناسب تشویشناک حد تک گر کر محض 21 فیصد رہ گیا ہے۔ آزادی صحافت پر بھی کاری ضرب لگائی گئی ہے۔ پابندیوں کے باعث ملک کے 547 میں سے 219 میڈیا ہاؤسز بند ہوچکے ہیں اور صحافیوں کی تعداد 11857 سے کم ہو کر 4759 رہ گئی ہے۔ اسی ابتر صورتحال کے باعث ورلڈ پریس فریڈم انڈیکس میں افغانستان 180 ممالک کی فہرست میں 175 ویں نمبر پر آ گیا ہے۔ معاشی محاذ پر افغانستان شدید بحران کا شکار ہے اور 2021 سے اب تک ملکی معیشت مجموعی طور پر 25 فیصد تک سکڑ چکی ہے۔ غربت کے باعث خواتین اور بچوں میں غذائی قلت خطرناک حد تک بڑھ چکی ہے، جس سے تقریباً 4.9 ملین افراد متاثر ہوئے ہیں۔ علاوہ ازیں معدنی وسائل اور تجارتی محصولات کی بندر بانٹ پر طالبان کے مختلف دھڑوں کے درمیان رسہ کشی اور اندرونی خلفشار عروج پر ہے۔ رپورٹ کے مطابق عالمی سطح پر طالبان شدید سفارتی تنہائی کا شکار ہیں اور گزشتہ 5 سالوں کے دوران صرف روس واحد ملک ہے، جس نے طالبان حکومت کو باضابطہ طور پر تسلیم کیا ہے۔ طویل عرصہ قطر میں قیام اور بین الاقوامی میڈیا کے ساتھ فعال رابطوں کے باوجود طالبان کے بنیادی نظریات اور طرز حکمرانی میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔ وہ آج بھی 1990 کی دہائی کی انتہاپسندانہ سوچ پر کاربند ہیں، جو نہ صرف افغان عوام بلکہ علاقائی اور عالمی امن کے لیے ایک مستقل خطرہ بنی ہوئی ہے۔

شال بقیہ 27

سدھو کا کہنا ہے کہ ڈیجیٹل ڈسٹری بیوشن سے فنانسنگ سے محروم کاروباروں کو قرضوں کی فراہمی ممکن بنائیں گے، ڈیجیٹل فنانسنگ بڑھانے کے ساتھ ساتھ صارفین کے تحفظ کو بھی یقینی بنا رہے ہیں، گزشتہ ایک سال میں نان بینکنگ کمپنیوں نے چھوٹے کاروباروں کو 253 ارب روپے کے قرض فراہم کیے۔ یہ بھی پڑھیں: گڈز ٹرانسپورٹرز کا کرایوں میں 7 فیصد اضافے کا اعلان ایس ای سی پی کے مطابق ایک سال کے دوران 25 لاکھ افراد کو چھوٹے کاروباروں کے لیے فنانسنگ فراہم کی گئی۔

شال بقیہ 28

تجاوزات اور غیر قانونی پیٹرول پمپس کے خلاف کارروائیوں سمیت دیگر اہم انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں اور انتظامی امور پر موثر نگرانی برقرار رکھتے ہوئے مقررہ اہداف کے حصول کو یقینی بنایا جائے، قوانین پر عملدرآمد کے ساتھ عوامی سہولیات کو ترجیح دی جائے اور مختلف محکموں کے درمیان موثر رابطہ کاری کے ذریعے عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے جائیں۔

شال بقیہ 29

آئی پی پیز کو کیپسٹی چارجز کی مد میں 1300 ارب روپے سے زائد کی ادائیگیاں کی گئیں۔ سینیٹ کو فراہم کردہ تفصیلات کے مطابق تربیلا ہائیڈل پاور پروجیکٹ ملک کا سستا ترین ذریعہ ہے جہاں سے بجلی محض 2 روپے 70 پیسے فی یونٹ میں تیار کی جاتی ہے جبکہ منگلا ہائیڈل پاور پروجیکٹ سے 3 روپے 75 روپے فی یونٹ اور تمام ڈیمز کی مجموعی اوسط لاگت 5 روپے 39 پیسے فی یونٹ ریکارڈ کی گئی۔ دستاویزات کے مطابق چشمہ ایٹمی بجلی گھر 6 روپے 76 پیسے اور مقامی تھر کوئلے سے 19 روپے 3 پیسے فی یونٹ میں بجلی فراہم کی گئی، جبکہ درآمدی کوئلے والے پلانٹس ساہیوال کول 34.17 اور پورٹ قاسم 32.16 روپے فی یونٹ پر پہنچ گئے ہیں۔

شال بقیہ 30

تصور ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ روز اول سے عالم کفر بالخصوص یہود و ہنود کی یہ مذموم کوشش رہی ہے کہ جس طرح انہوں نے مسلمانوں کے قبلہ اول پر غاصبانہ قبضہ کر رکھا ہے، اسی طرح وہ الحرمین الشریفین کے خلاف بھی مسلسل سازشیں کر رہے ہیں۔ امریکہ اور اسرائیل ایسے سازشی عناصر کے سرپرست ہیں جو شعائر اللہ، شعائر اسلام اور عالم اسلام کے مسلمانوں کو مٹانے کے مرکزی کرداروں میں شامل ہیں۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ حوثی ہوں یا جو بھی عناصر، جو بھی حرمین شریفین پر حملہ یا کوئی سازش کرے گا، عالم اسلام کا بچہ بچہ اس مقدس مقام پر اپنی جان فدا کرنے کو سعادت اور فخر سمجھے گا کیونکہ حرمین شریفین کا تحفظ ہر مسلمان کے ایمان کا اہم ترین جزو ہے۔ حاجی سید عبدالستار شاہ چشتی نے خبردار کیا کہ حرمین شریفین یا سعودی عرب پر حملہ ایک ناقابل معافی جرم ہے، اور ڈونلڈ ٹرمپ، اسرائیل اور حوثیوں سمیت تمام عناصر کو یہ معلوم ہونا چاہیے کہ مسلمان ہر چیز برداشت کرسکتا ہے مگر حرمین شریفین کے تحفظ کے لیے ابابیل کی فوج کے مقابلے کی طرح بھرپور اور عزم صمیم کے ساتھ مقابلہ کرے گا۔ انہوں نے مکہ مکرمہ پر ڈرون حملوں کے حوالے سے اسلامی ممالک کے حکمرانوں کے کمزور موقف پر شدید افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ مسلم حکمرانوں کو اس گھناؤنے فعل میں ملوث عناصر خواہ وہ حوثی ہوں، اسرائیل ہو، امریکہ ہو یا کوئی دوسرا منحوس عنصر ہو، کا کھوج لگا کر ان کا منہ توڑ جواب دینا چاہیے کیونکہ حرمین شریفین اور مکہ مکرمہ عالم اسلام کے عرب و عجم کی مشترکہ اور ناقابل تسخیر ریڈ لائن ہیں۔

شال بقیہ 31

کے مطابق بینک 10 روپے مالیت والے بینک نوٹ کی میعاد بندش اور اسے تبدیل کرانے کی آخری تاریخ سے متعلق سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی رپورٹس کی واضح طور پر تردید کرتا ہے۔

شال بقیہ 32

اور تعلیمی اداروں میں سازگار ماحول کی فراہمی ضلعی انتظامیہ اور محکمہ تعلیم کی اولین ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ اسکولوں میں جاری کاموں کو مقررہ معیار کے مطابق بروقت مکمل کیا جائے، تعلیمی سرگرمیوں اور درس و تدریس کے عمل کو مزید موثر بنایا جائے اور طلبہ و طالبات کو بہتر تعلیمی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلع چمن میں تعلیم کے فروغ، اسکولوں کی بہتری اور طلبہ و طالبات کو معیاری تعلیمی ماحول کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

شال بقیہ 33

پر منگلا نہر میں بچوں کی تلاش کے لیے ریسکیو آپریشن شروع کیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم نے بتایا کہ گھریلو جھگڑے سے تنگ آ کر بچوں کو نہر میں پھینکا۔

شال بقیہ 34

صحافی برادری کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، اور صحافیوں کے تحفظ، عزت نفس اور ان کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن قانونی تعاون جاری رکھا جائے گا۔ ڈی آئی جی کوئٹہ کا مزید کہنا تھا کہ کوئٹہ ہمارا اپنا گھر ہے، اور معاشرے میں پائے جانے والے باہمی اختلافات یا غلط فہمیوں کا خاتمہ ہی شہر میں امن و امان، بھائی چارے اور باہمی اعتماد کی فضا کو بحال اور برقرار رکھنے میں سب سے زیادہ مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔ ملاقات میں اس کے علاوہ باہمی تعاون، شہر کے مجموعی امن و امان اور صحافیوں کے پیشہ ورانہ تحفظ سے متعلق دیگر اہم امور پر بھی تفصیلی گفتگو کی گئی۔

شال بقیہ 35

حفظان صحت کے اصولوں پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کی گئی۔ معائنے کے دوران خلاف ورزیوں اور ناقص انتظامات پر 8 دکانداروں اور 2 ہوٹل مالکان کو وارننگ جاری کرتے ہوئے واضح کیا گیا کہ مقررہ نرخوں کی خلاف ورزی، صفائی ستھرائی میں غفلت اور عوام کو غیر معیاری اشیاء کی فراہمی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ پرائس کنٹرول کمیٹی نے کہا کہ عوام کو مناسب نرخوں پر معیاری اشیائے ضروریہ کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے بازاروں کی نگرانی کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

شال بقیہ 36

اظہار کرتے ہوئے حکومت سے فوری اقدام کا مطالبہ کیا ہے۔ آئل ایڈوائزری کونسل اور آئل انڈسٹری نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ جغرافیائی حالات کے باعث ایسٹ ویسٹ پائپ لائن سمیت علاقائی سپلائی روٹس متاثر ہوسکتے ہیں۔ انڈسٹری کا کہنا تھا کہ حکام سے بار بار رابطوں کے باوجود مسائل کے حل کے لیے کوئی خاطر خواہ پیشرفت نہیں ہوسکی، جس سے صنعت کی مالی استعداد مسلسل کم ہو رہی ہے۔ او سی اے نے واضح کیا ہے کہ اگر حکام کی جانب سے تعاون نہ ملا اور سپلائی میں خلل آیا تو آئل انڈسٹری کو اس کا ذمہ دار قرار نہ دیا جائے۔ آئل انڈسٹری نے ممکنہ بحران سے نمٹنے کے لیے اعلیٰ حکام کو کراچی میں ایک ہنگامی اجلاس کی باضابطہ دعوت دی ہے تاکہ مسائل پر فوری پیشرفت کی جاسکے۔

شال بقیہ 37

بدعنوانی اور بلوچستان میں بدامنی، لاقانونیت کے خلاف اور امن و حقوق کیلئے آواز بلند کی جائیگی۔ جماعت اسلامی پورے ملک میں 40 دنوں سے 40 بڑے اضلاع میں ہزاروں لوگوں کے بڑے بڑے دھرنے و احتجاج پر ہے۔ امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ 20 ستمبر اسلام آباد لانگ مارچ کے لیے بلوچستان سے قافلے آج جمعہ اور کل ہفتہ روانہ ہوں گے۔ تمام اضلاع اور برادر تنظیموں کے ذمہ داران کو اہداف اور ضروری ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔ امرائے اضلاع اور برادر تنظیموں کے ذمہ داران مرکزی امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن کی پکار پر لبیک کہتے ہوئے صوبے سے دیے گئے اہداف مکمل کریں اور ہدایات کے مطابق اپنے قافلوں کے ہمراہ اسلام آباد کے لیے سفر شروع کریں۔ ملک میں عوام کی آواز و حقیقی عوامی اپوزیشن صرف جماعت اسلامی ہے جو 40 دنوں سے عوامی حقوق کیلئے اور بھتہ خوری دولت مار کے خلاف دھرنے و احتجاج پر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امرائے اضلاع، برادر تنظیموں کے ذمہ داران، ارکان وکارکنان کو 20 ستمبر اسلام آباد لانگ مارچ کے حوالے سے اہداف اور سفری ہدایات دیتے ہوئے کیا۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ مرکزی امیر حافظ نعیم الرحمن کی قیادت میں جماعت اسلامی گزشتہ 40 دنوں سے پورے ملک میں دھرنوں اور پرامن جمہوری مزاحمت کے ذریعے عوامی مسائل کو اجاگر اور قومی مسائل کے حل کے لیے جدوجہد کر رہی ہے۔ 20 ستمبر کا اسلام آباد لانگ مارچ اسی پرامن جمہوری جدوجہد کا اہم مرحلہ ہے۔ ظلم و جبر، بھتہ خوری، بدعنوانی، بدامنی اور عوامی حقوق کی پامالی کے خلاف اٹھنے والا عوامی سیلاب اور جمہوری مزاحمت کا قافلہ اپنا راستہ خود بنائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد لانگ مارچ میں بلوچستان سے کثیر تعداد میں عوام، ارکان وکارکنان شریک ہوں گے۔ بلوچستان کے سسکتے ہوئے قومی مسائل، عوام کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں، حقوق سے محرومی، بارڈرز اور سڑکوں کی بندش، روزگار کے مسائل، بدامنی اور معاشی مشکلات کو قومی سطح پر اجاگر کرکے ان کے حل کی راہ ہموار کی جائے گی۔ لانگ مارچ کے پہلے دن ہی بلوچستان کی بھرپور نمائندگی نظر آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلاعذر شرعی تمام ارکان کی شرکت لازمی ہوگی۔ قافلوں میں نظم و ضبط، دینی ماحول اور باہمی تعاون کو یقینی بنایا جائے۔ سکیورٹی کے انتظامات جے آئی یوتھ، اسلامی جمعیت طلبہ اور جمعیت طلبہ عربیہ کے ذمہ داران انجام دیں گے۔ ارکان، کارکنان اور ذمہ داران صوبائی و ضلعی نظم سے ہدایات لینے کے پابند ہوں گے اور سفر کے دوران نظم جماعت، اخوت اور باہمی اتحاد کو ہر صورت برقرار رکھا جائے گا۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اپنے بنیادی حقوق، امن، روزگار، عزت اور وسائل پر منصفانہ حق کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ صوبے کے عوام کو مزید محرومی، بدامنی اور معاشی مشکلات کے حوالے نہیں کیا جاسکتا۔ اسلام آباد لانگ مارچ بلوچستان کی آواز کو قومی ایوانوں اور حکمرانوں تک پہنچانے کا بھی ذریعہ بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کو عوام کی مشکلات کی فکر نہیں، حکمرانوں اور مقتدر قوتوں نے قومی خزانے کو ذاتی جاگیر بنا رکھا ہے۔ ہر سطح پر بدعنوانی عروج پر ہے۔ پیٹرولیم لیوی کے نام پر بھتہ خوری اور عوام پر مسلسل معاشی بوجھ ناقابل قبول ہے۔ ایک طرف عوام دو وقت کی روٹی کے لیے پریشان ہیں جبکہ دوسری جانب حکمران طبقے اور اشرافیہ کی شاہ خرچیاں، مراعات اور مفت خوری ختم ہونے کا نام نہیں لے رہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں عوامی مسائل کے حل کے لیے حکومت اور اپوزیشن دونوں خاموش صرف جماعت اسلامی اپنا آئینی و جمہوری کردار ادا کر رہی ہے۔ میدان عمل میں عوامی مسائل کو مسلسل اجاگر کرنے اور ان کے حل کے لیے جدوجہد کرنے والی جماعت اسلامی گزشتہ 40 دنوں سے دھرنوں اور احتجاج کے ذریعے موجود ہے۔ حکومت جماعت اسلامی کے ساتھ مذاکرات میں سنجیدگی کا مظاہرہ کرے اور عوام کے مطالبات پر عملی پیش رفت کرے، محض وقت گزاری سے مسائل حل نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ لوٹ مار، بدعنوانی، بھتہ خوری، بدامنی اور عوامی حقوق کی پامالی کے خلاف جدوجہد کسی ایک جماعت یا طبقے کا نہیں بلکہ پورے معاشرے کا مسئلہ ہے۔ جماعت اسلامی پرامن، آئینی اور جمہوری طریقے سے عوام کے حقوق کی جدوجہد جاری رکھے گی۔ عوام 20 ستمبر کے لانگ مارچ سمیت جماعت اسلامی کے پرامن دھرنوں اور احتجاج میں بھرپور شرکت کریں اور اپنے جائز، آئینی اور جمہوری حقوق کے لیے آواز بلند کریں۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ عوامی طاقت پرامن اور منظم ہو تو کوئی رکاوٹ اسے اپنے بنیادی حقوق کے مطالبے سے دستبردار نہیں کرسکتی۔ ان شاء اللہ جماعت اسلامی عوام کے حقوق کے حصول، بدعنوانی کے خاتمے، امن کے قیام اور ایک منصفانہ نظام کے لیے اپنی جمہوری مزاحمت جاری رکھے گی۔

شال بقیہ 38

اپنے پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں۔ ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے کہا کہ پولیو جیسے موذی مرض کا خاتمہ مشترکہ ذمہ داری ہے والدین اپنے بچوں کو ہر مہم کے دوران پولیو کے قطرے پلوا کر قومی ذمہ داری ادا کریں۔ ڈی ایچ او ڈاکٹر امیر علی جمالی نے کہا کہ پیدائش سے پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو ہر پولیو مہم میں ویکسین کے دو قطرے پلانا ضروری ہے۔ ورکشاپ میں کمیونٹی کمیونیکیشن آفیسر منصور حسین، ڈاکٹر خلیل احمد ڈی پی او ڈبلیو ایچ او اور ڈاکٹر ناصر کاکڑ این اسٹاپ نے پولیو مہم، ویکسینیشن اور ماحولیاتی نگرانی کے حوالے سے شرکاء کو بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ پولیو ویکسینیشن کا ہدف پانچ سال سے کم عمر تمام بچے ہیں۔ اس موقع پر ایم ایس ٹی ایچ کیو ڈاکٹر زین سلطان، ڈاکٹر احمد دین، پولیو پروگرام کے نمائندگان، مذہبی رہنماؤں اور معززین نے شرکت کی۔ پولیو مہم کا باضابطہ افتتاح بھی کیا گیا جبکہ گزشتہ مہم کے دوران مشکلات کا سامنا کرنے والی خواتین پولیو ورکرز اور ڈاگ بائٹ کا شکار ہونے والے ورکرز میں تعریفی اسناد تقسیم کرکے ان کی حوصلہ افزائی کی گئی۔

شال بقیہ 39

میں بے ہوش دیکھ کر باپ اسے نکالنے کے لیے کنویں میں اترا۔ ریسکیو حکام کے مطابق باپ بیٹے کو بچانے کے لیے پڑوسی بھی کنویں میں اترا جس کے بعد تینوں دم گھٹنے کے باعث جاں بحق ہوگئے۔

شال بقیہ 40

پر 50 لاکھ روپے کے فنڈز مختص کیے گئے تھے، جن میں سے تقریباً 20 لاکھ روپے کا مرمتی کام کیا گیا، جبکہ باقی 30 لاکھ روپے کے فنڈز لیپس ہونے کی اطلاعات ہیں۔ ذرائع کے مطابق مبینہ طور پر کیے گئے تعمیراتی کام کی صورتحال تسلی بخش نہیں، جبکہ عمارت کے بعض تعمیراتی کام تاحال مکمل نہ ہونے کی بھی اطلاعات ہیں۔ اس صورتحال کے باعث شہری اور عوامی حلقوں کی جانب سے منصوبے کے معیار، فنڈز کے استعمال اور باقی رقم کے لیپس ہونے کے معاملے پر شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا جارہا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ دارالامان چونکہ خواتین کے تحفظ اور نگہداشت سے متعلق حساس ادارہ ہے، اس لیے اس کی عمارت میں غیر متعلقہ افراد کی مبینہ موجودگی یا مداخلت کے معاملے کو بھی سنجیدگی سے دیکھا جانا چاہیے اور دارالامان کی سیکیورٹی و انتظامی امور کو قواعد و ضوابط کے مطابق یقینی بنایا جائے۔ عوامی حلقوں نے متعلقہ اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ دارالامان نصیر آباد کے لیے مختص 50 لاکھ روپے کے فنڈز، تعمیراتی تخمینے، جاری شدہ ادائیگیوں، کیے گئے کام اور لیپس ہونے والی رقم کا مکمل ریکارڈ طلب کرکے شفاف انکوائری کرائی جائے۔ ساتھ ہی تعمیراتی کام کا تکنیکی معائنہ کروا کر معیار اور تکمیل کی صورتحال بھی سامنے لائی جائے۔ عوامی حلقوں نے مزید مطالبہ کیا ہے کہ اگر تحقیقات کے دوران کسی ٹھیکیدار، اہلکار یا کسی دوسرے فرد کی جانب سے قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی یا مالی بے ضابطگی ثابت ہو تو ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے اور سرکاری خزانے کو ہونے والے ممکنہ نقصان کا ازالہ یقینی بنایا جائے۔

شال بقیہ 41

کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا گیا، جبکہ بلوچستان کی سرزمین کو دہشتگردی کے لیے استعمال کرنے کی ہر کوشش ناکام بنائی جائے گی۔ ظہور بلیدی نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے متحد ہو کر کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ بلوچستان میں امن کے قیام کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے جوان پوری قوم کے ہیرو ہیں اور ان کی قربانیاں صوبے میں پائیدار امن کی بنیاد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امن دشمن عناصر بلوچستان کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے سفر کو متاثر نہیں کرسکتے۔ دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف قانون کے مطابق بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی اور دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک ریاستی اداروں کا عزم اور کارروائیاں جاری رہیں گی۔ صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ امن دشمن عناصر کے خلاف ریاستی اداروں کا ساتھ دیا ہے اور پوری قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے امن، ترقی اور خوشحالی کے راستے میں رکاوٹ بننے والے عناصر کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔

شال بقیہ 42

کی آواز ایوان اقتدار تک پہنچانے کا اہم فریضہ انجام دے رہے ہیں ایسے میں صحافیوں کو تشدد، دھمکیوں اور دیگر دباؤ کا سامنا کرنا انتہائی تشویشناک امر ہے انہوں نے کہا کہ صحافیوں کو اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں آزادانہ اور بلاخوف انجام دینے کے لیے محفوظ ماحول فراہم کرنا حکومت اور متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ صحافی پر تشدد صرف ایک فرد پر حملہ نہیں بلکہ آزادی صحافت اور اظہار رائے کے حق پر بھی اثرانداز ہوتا ہے انہوں نے مطالبہ کیا کہ نصیر احمد خان کاکڑ پر تشدد کے واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے اور انہیں بلاتاخیر گرفتار کیا جائے جبکہ متاثرہ صحافی کو مکمل قانونی و حفاظتی معاونت فراہم کی جائے انہوں نے کہا کہ صحافی برادری اپنے ساتھی صحافی کے ساتھ کھڑی ہے اور صحافیوں کو درپیش مسائل دھمکیوں اور تشدد کے واقعات پر خاموش نہیں رہا جائے گا انہوں نے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا کہ واقعے کی شفاف تحقیقات کرکے ذمہ دار عناصر کو قانون کے مطابق سزا دی جائے تاکہ آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکے انہوں نے کہا کہ صحافیوں کا تحفظ یقینی بنا کر ہی آزاد اور ذمہ دار صحافت کے فروغ کے لیے سازگار ماحول پیدا کیا جاسکتا ہے، حکومت فوری اقدامات کرتے ہوئے صحافیوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائے۔

شال بقیہ 43

صدر کا مزید کہنا تھا کہ آئندہ فیصلہ کرنے سے پہلے وہ خلیجی ممالک کے رہنماؤں سے براہ راست ان کی رائے سننا چاہتے ہیں کیونکہ انھیں یہ طے کرنا ہے کہ آیا ایرانی حکومت کے خلاف دوبارہ بڑے حملے کیے جائیں یا نہیں۔ خیال رہے کہ ٹرمپ آئندہ ہفتے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر خلیج تعاون کونسل کے چھ ممالک، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر، بحرین، کویت اور عمان، کے رہنماؤں یا اعلیٰ حکام سے ملاقات کرنے والے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق اس ملاقات میں ایران کے ساتھ جنگ کے اگلے مرحلے، خطے کی سیکیورٹی اور جنگ کے بعد کی امریکی حکمت عملی پر تبادلہ خیال متوقع ہے۔ امریکی صدر نے کہا ہے کہ وہ فیصلہ کرنے سے قبل خلیجی اتحادیوں سے جاننا چاہتے ہیں کہ وہ موجودہ صورتحال کو کس طرح دیکھتے ہیں اور ان کے خدشات کیا ہیں۔ دوسری جانب اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو بھی اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے دوران ٹرمپ سے ملاقات کے خواہاں ہیں تاہم دونوں رہنماؤں کی ملاقات ابھی باضابطہ طور پر طے نہیں ہوئی۔ جب ٹرمپ سے نیتن یاہو سے ملاقات کے امکان کے بارے میں سوال کیا گیا تو امریکی صدر نے جواب دیا کہ ہوسکتا ہے۔

شال بقیہ 44

کو گزشتہ روز ایک گھریلو جھگڑے کے تصفیے کے سلسلے میں باری کاکڑ نامی شخص نے، جو خود کو سماجی رہنما ظاہر کرتا ہے، مبینہ طور پر اپنے دیگر چار ساتھیوں سمیت اپنے پاس مدعو کیا تھا۔ ان کے مطابق نصیر احمد اور دیگر افراد مذکورہ معاملے کو باہمی طور پر حل کرنے اور فریقین کے درمیان صلح و تصفیے کی کوشش کے لیے وہاں پہنچے تھے۔ جاوید لاسی کے مطابق تصفیے کے لیے پہنچنے والے افراد کے ساتھ مبینہ طور پر بدسلوکی کی گئی اور بعد ازاں باری کاکڑ اور اس کے ساتھیوں کی جانب سے ان پر حملہ کرکے تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ واقعے کے دوران سینئر صحافی نصیر احمد سمیت دیگر افراد کو مبینہ طور پر سنگین نتائج کی دھمکیاں بھی دی گئیں، جس کے باعث نہ صرف متاثرہ افراد بلکہ صحافتی حلقوں میں بھی تشویش پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافی معاشرے میں مختلف تنازعات اور مسائل کے حل، عوامی مسائل اجاگر کرنے اور فریقین کے درمیان مثبت کردار ادا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اگر کسی صحافی کو کسی معاملے کے تصفیے کے لیے بلانے کے بعد مبینہ طور پر تشدد اور دھمکیوں کا نشانہ بنایا جائے تو یہ انتہائی تشویشناک امر ہے، جس کا فوری طور پر نوٹس لیا جانا ضروری ہے۔ جاوید لاسی نے کہا کہ صحافی نصیر احمد ایک سینئر اور پیشہ ور صحافی کی حیثیت سے طویل عرصے سے صحافتی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ ان پر مبینہ حملے کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں کو اپنے فرائض کی انجام دہی کے دوران تحفظ فراہم کرنا ریاستی اداروں اور حکومت کی ذمہ داری ہے، اس لیے ایسے واقعات کو معمولی سمجھ کر نظرانداز نہیں کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے پولیس کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے تمام پہلوؤں کی شفاف تحقیقات کی جائیں، متاثرہ صحافی اور دیگر متاثرہ افراد کے بیانات قلمبند کیے جائیں اور اگر الزامات تحقیقات میں درست ثابت ہوں تو ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ جاوید لاسی نے مزید مطالبہ کیا کہ واقعے میں مبینہ طور پر ملوث افراد کو قانون کے کٹہرے میں لانے کے ساتھ ساتھ متاثرہ صحافی اور دیگر افراد کو مناسب سکیورٹی فراہم کی جائے تاکہ وہ کسی خوف یا دباؤ کے بغیر اپنے پیشہ ورانہ اور شہری فرائض انجام دے سکیں۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں کو دھمکانا، تشدد کا نشانہ بنانا یا انہیں اپنے فرائض سے روکنے کی کوشش کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ پولیس اور ضلعی انتظامیہ واقعے کا سنجیدگی سے نوٹس لے کر متاثرہ صحافی کو انصاف کی فراہمی کے لیے فوری اقدامات کریں گے۔ سٹی پریس کلب اوتھل کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری نے کہا کہ صحافتی برادری مشکل حالات کے باوجود عوامی مسائل کو اجاگر کرنے اور معاشرے میں مثبت کردار ادا کرنے کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں کے خلاف تشدد اور دھمکیوں کے واقعات نہ صرف صحافتی برادری میں عدم تحفظ کا احساس پیدا ہوتا ہے بلکہ اس سے آزادانہ صحافت بھی متاثر ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔ جاوید لاسی نے صحافتی تنظیموں، پریس کلبوں اور متعلقہ حکام سے بھی اپیل کی کہ وہ واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے متاثرہ صحافی کے ساتھ اظہار یکجہتی کریں اور صحافیوں کے تحفظ کے لیے موثر اقدامات پر زور دیں۔ انہوں نے ایک مرتبہ پھر پولیس کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ سینئر صحافی نصیر احمد پر مبینہ تشدد اور دھمکیوں کے واقعے میں ملوث افراد کے خلاف فوری قانونی کارروائی کی جائے، واقعے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں اور آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے ضروری حفاظتی اقدامات اٹھائے جائیں۔

شال بقیہ 45

پیغام پہنچایا ہے، تو ٹرمپ نے کہا کہ ایران کی جانب سے مجھ سے براہ راست رابطہ کیا گیا ہے۔ جب ٹرمپ سے پوچھا گیا کہ امریکا اس وقت جنگ کے کس مرحلے میں ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا کہ امید ہے کہ ہم جنگ کے اختتام کی جانب بڑھ رہے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ جنگ کے اختتام کی جانب پیش رفت ہوسکتی ہے۔ ٹرمپ کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ایران جنگ ساتویں ماہ میں داخل ہوچکی ہے، تاہم فوری طور پر اس کے خاتمے کے واضح آثار دکھائی نہیں دے رہے۔ دوسری جانب امریکی میڈیا ادارے ایگزیوس نے رپورٹ کیا ہے کہ ٹرمپ آئندہ منگل کو نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر خلیجی ممالک کے رہنماؤں سے ملاقات کرسکتے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق متوقع ملاقات میں ایران جنگ اور جنگ کے بعد کی صورتحال سے متعلق امریکی منصوبہ بندی پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ تاہم ملاقات کے حتمی انتظامات اور ایجنڈے سے متعلق مزید تفصیلات سامنے آنا باقی ہیں۔ ایران جنگ کے ساتویں ماہ میں داخل ہونے کے باوجود تنازع کے مستقل خاتمے کے حوالے سے صورتحال غیر یقینی ہے، جبکہ خطے کے ممالک جنگ کے ممکنہ بعد کے سیاسی اور سیکیورٹی اثرات پر بھی نظر رکھے ہوئے ہیں۔

شال بقیہ 46

سرکاری وکیل نے عدالت کو بتایا کہ اسٹیٹ بینک حکام سے رابطہ کیا گیا تھا، تاہم وہاں سے بتایا گیا کہ عدالتی حکم کی صورت میں ہی کارروائی کی جاسکتی ہے۔ تفتیشی حکام نے عدالت کو بتایا کہ انہیں یہ بھی معلوم نہیں کہ میر رضا کے اکاؤنٹس کہاں اور کس کس بینک میں موجود ہیں، اسی لیے اسٹیٹ بینک سے رابطہ کیا گیا۔ سرکاری وکیل نے موقف اختیار کیا کہ میر رضا کے بینک اکاؤنٹس اور ٹرانزیکشنز کی تفصیلات حاصل کرنا مقصود ہے۔ تفتیشی حکام کے مطابق وہ صرف یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ میر رضا کے کتنے بینک اکاؤنٹس تھے اور ان میں ہونے والی ٹرانزیکشنز کہاں کہاں ہوئیں، ممکن ہے بینک اکاؤنٹس کی تفصیلات تفتیش میں معاون ثابت ہوں، عدالت نے معاملے پر اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے یکم اکتوبر تک جواب طلب کرلیا۔

تلاش گمشدگی

میرا قومی شناختی کارڈ بنام عبیرین یوسف والد محمد یوسف شناختی کارڈ نمبر 5440082325397 کہیں گم ہوگیا ہے جس کسی کو ملے اس نمبر پر رابطہ کریں 03337811169۔

Daily SHAL Quetta
4
19 ستمبر 2026ء
روزنامہ شال کوئٹہ

افغانستان میں 13 ہزار غیر ملکی 6 ہزار ٹی ٹی پی دہشتگرد سرگرم تہلکہ خیز رپورٹ منظر عام پر آگئی

افغان حکومت نے 2020ء کے دوحہ معاہدے کی تینوں بنیادی شرائط کی صریحاً خلاف ورزی کی ہے

معاہدے کے تحت رہا ہونے والے تقریباً 5000 طالبان قیدی رہائی کے فوری بعد دوبارہ تنازعات کا حصہ بن گئے

اسلام آباد(این این آئی) ریسرچ آرگنائزیشن ساؤتھ ایشیا ٹائمز کی تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق طالبان کا 5 سالہ دور حکومت سیاسی، معاشی اور سیکیورٹی محاذوں پر مکمل ناکام رہا ہے جبکہ افغانستان 20 سے زیادہ عسکری گروہوں اور 13000 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

☆☆☆ سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ بلوچستان ایجوکیشن اینڈومنٹ فنڈ کے 43 ویں بورڈ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں ☆☆☆

گنداخہ، کوئٹہ کے سینئر صحافی نصیر احمد کاکڑ پر حملے کے خلاف گنداخہ پریس کلب کا احتجاجی مظاہرہ

صحافیوں کو حق وسچ کی آواز بلند کرنے پر نشانہ بنانا ناقابل قبول ہے، صدر پریس کلب سلیم گوپانگ اور جنرل سیکرٹری نور حسن جمالی

گنداخہ (یو این اے) کوئٹہ کے سینئر صحافی نصیر احمد کاکڑ پر حملے کے خلاف گنداخہ پریس کلب کے صدر سلیم گوپانگ اور جنرل سیکرٹری نور حسن جمالی کی قیادت میں صحافیوں کی جانب سے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین نے نصیر احمد کاکڑ پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ صحافیوں کو حق وسچ کی آواز بلند کرنے پر نشانہ بنانا ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حملے میں ملوث ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ صحافیوں کا کہنا تھا کہ صحافی برادری اپنے ساتھی صحافیوں کے ساتھ کھڑی ہے

ایف آئی اے سی سی کراچی کا ہنڈی حوالہ ڈیلرز کے خلاف کریک ڈاؤن، 3 ملزمان گرفتار

کارروائی کے دوران 32 لاکھ روپے نقد اور ہنڈی حوالہ سے متعلق اہم ڈیجیٹل شواہد برآمد کیے گئے

کراچی (آن لائن) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) اینٹی کرپشن سرکل (اے سی سی) کراچی نے غیر قانونی ہنڈی حوالہ کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران کارروائی کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ کارروائی کے دوران 32 لاکھ روپے نقد اور ہنڈی حوالہ سے متعلق اہم ڈیجیٹل شواہد برآمد کیے گئے۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ڈائریکٹر ایف آئی اے کراچی زون کی ہدایات اور ڈپٹی ڈائریکٹر اے سی سی کراچی کی نگرانی میں انکوائری نمبر 85/2026 کے سلسلے میں ٹیم نے صدر کے علاقے میں موبائل مارکیٹ کے قریب کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران محمد علی، اعزاز احمد اور عبدالقدیر کو گرفتار کیا گیا۔

چھوٹے کاروبار کے لیے شریعہ کمپلائنٹ ڈیجیٹل فنانسنگ کی منظوری

ڈیجیٹل ایپ کے ذریعے چھوٹے کاروباری افراد 30 لاکھ تک فنانسنگ حاصل کر سکیں گے، ایس ای سی پی

اسلام آباد (آن لائن) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے چھوٹے کاروبار کے لیے شریعہ کمپلائنٹ ڈیجیٹل فنانسنگ کی منظوری دے دی۔ ایس ای سی پی کے مطابق چھوٹے کاروباری افراد ڈیجیٹل ایپ کے ذریعے 30 لاکھ روپے تک فنانسنگ حاصل کر سکیں گے، شامل کارتاجر ایپ کے ذریعے منظور شدہ سپلائرز سے کاروباری سامان خریدنے کے لیے فنانسنگ حاصل کر سکیں گے، نئی ڈیجیٹل فنانسنگ سہولت سے چھوٹے کاروباروں کو باضابطہ کریڈٹ نظام تک رسائی ملے گی۔ چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

فیول ریلیف اسکیم: 10 لاکھ سے زائد رجسٹریشنز مکمل، 8 لاکھ سے زائد ٹوکنز جنریٹ ہوگئے

اسلام آباد (آن لائن) وزارت آئی ٹی کا کہنا ہے کہ وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم کے تحت اب تک 10 لاکھ سے زائد رجسٹریشنز مکمل ہو چکی ہیں۔ وزارت آئی ٹی کے مطابق 24 گھنٹے کنٹرول روم سے ملک بھر میں اسکیم کی ریئل ٹائم مانیٹرنگ جاری ہے۔

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں زبردست تیزی، 100 انڈیکس 1841 پوائنٹس بڑھ گیا

کراچی (آن لائن) پاکستان اسٹاک مارکیٹ میں جمعہ کو کاروبار کا مثبت رجحان رہا جس کے باعث ہنڈرڈ انڈیکس 1841 پوائنٹس بڑھ گیا۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروباری ہفتے کا اختتام مثبت زون میں ہوا، جہاں 100 انڈیکس 1841 پوائنٹس اضافے کے بعد ایک لاکھ 70 ہزار 884 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا۔

پیٹرول اور ڈیزل کے شدید بحران کا خدشہ

اسلام آباد (آن لائن) آئل انڈسٹری نے ملک میں پیٹرول اور ڈیزل کے شدید بحران کا خدشہ ظاہر کردیا اور حکومت سے فوری اقدام کا مطالبہ کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں پٹرولیم مصنوعات کی سپلائی چین متاثر ہونے اور ملک بھر میں پیٹرول وڈیزل کے شدید بحران کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ آئل انڈسٹری نے جغرافیائی حالات اور سپلائی روٹس کی صورتحال پر شدید تشویش کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

حکمرانوں کی لوٹ مار اور پٹرولیم مصنوعات پر بھتہ خوری ناقابل قبول ہے، ہدایت الرحمن

لانگ مارچ میں پٹرولیم مصنوعات پر بھتہ خوری، بدعنوانی اور بلوچستان میں بدامنی، لاقانونیت کے خلاف اور امن وحقوق کیلئے آواز بلند کی جائیگی

جماعت اسلامی پورے ملک میں 40 ڈویژن سے 40 بڑے اضلاع میں ہزاروں لوگوں کے بڑے بڑے دھرنے واحتجاج پر ہے، صوبائی امیر جماعت اسلامی

کوئٹہ (یو این اے) 20 ستمبر اسلام آباد لانگ مارچ کے لیے بلوچستان سے قافلے آج جمعہ اور کل ہفتہ روانہ ہوں گے تمام اضلاع و ہر ڈویژن کو اہداف اور ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔ لانگ مارچ میں پٹرولیم مصنوعات پر بھتہ خوری، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

پاکستان انجینئرنگ کونسل کے رجسٹرار کی بھرتی کا اشتہار اسلام آباد ہائی کورٹ میں چیلنج

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان انجینئرنگ کونسل کے رجسٹرار کی بھرتی کے لیے جاری اشتہار کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ عدالت نے رجسٹرار کی تعیناتی کا عمل جاری رکھنے کا حکم دیتے ہوئے حتمی احکامات جاری کرنے سے روک دیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے پاکستان انجینئرنگ کونسل سمیت فریقین کو نوٹس جاری کر دیے۔ جسٹس خادم حسین سومرو نے انجینئر خادم حسین کی درخواست پر سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کردیا۔ درخواست گزار کی جانب سے بیرسٹر عمر اعجاز گیلانی عدالت میں پیش ہوئے۔

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے پارلیمانی سیکرٹری محمد خان لہڑی اور سردار عمر جان جمک ملاقات کر رہے ہیں

ایکسائز ایبل اشیا کی پیداوار کی الیکٹرانک نگرانی کا نیا نظام متعارف

نظام کے تحت مخصوص فیکٹریوں اور گوداموں میں پیداوار کی نگرانی ویڈیو اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے کی جائے گی

اسلام آباد (آن لائن) حکومت نے ایکسائز ایبل اشیا کی پیداوار کی الیکٹرانک نگرانی کا نظام متعارف کرا دیا۔ حکومت کی جانب سے ایکسائز ایبل اشیا کی پیداوار کی الیکٹرانک نگرانی کے نئے نظام کے تحت مخصوص فیکٹریوں اور گوداموں کی نگرانی کی جائے گی۔ پیداوار کی نگرانی ویڈیو اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے کی جائے گی، ایف بی آر پیداوار کو حقیقی وقت میں مانیٹر کر سکے گا۔ یہ بھی پڑھیں: جماعت اسلامی نے فیصل چوک مال روڈ پر دھرنا ختم کردیا نئے نظام کے نفاذ کی تاریخ ایف بی آر الگ سے جاری کرے گا

پولیو مہم والدین پانچ سال سے کم عمر بچوں کو قطرے ضرور پلوائیں، فیصل جمالی

اوستا محمد میں ڈسٹرکٹ انفلوئنسرز مذہبی رہنماؤں اور معززین کی تربیتی ورکشاپ مہم کا افتتاح اسناد تقسیم

اوستا محمد (آن لائن) ضلع اوستا محمد میں 21 سے 24 ستمبر تک جاری رہنے والی انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں ڈی ای او سی اور محکمہ صحت کے زیر اہتمام ڈسٹرکٹ انفلوئنسرز مذہبی رہنماؤں معززین اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی تربیتی ورکشاپ منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی تھے۔ سردارزادہ فیصل خان جمالی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے والدین اور معاشرے کے تمام طبقات کا تعاون ناگزیر ہے۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ 21 سے 24 ستمبر کے دوران پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

صحافیوں پر تشدد آزادی اظہار پر حملہ ہے، محمود سگار

نصیر احمد پر مبینہ تشدد کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں، محفوظ بلوچ

اورماڑہ (یو این اے) اورماڑہ پریس کلب کے سابق صدر محفوظ بلوچ اور سابق جنرل سیکرٹری و یو این اے اورماڑہ کے نامہ نگار محمود سگار نے بلوچستان کے سینئر صحافی اور یونیورسل نیوز ایجنسی (یو این اے) کے بیورو چیف نصیر احمد پر ہونے والے مبینہ تشدد کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے آزادی صحافت اور صحافتی برادری کے بنیادی حقوق پر سنگین حملہ قرار دیا ہے۔ ایک مشترکہ مذمتی بیان میں دونوں سابق عہدیداروں نے واقعے پر گہری تشویش اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صحافی معاشرے کی آنکھ، کان اور آواز ہوتے ہیں جو عوامی مسائل اور ناانصافیوں کو حکام بالا تک پہنچاتے ہیں۔

صحافیوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، جاوید لاسی

نصیر احمد پر مبینہ تشدد کے ملزمان کے خلاف فوری کارروائی کی جائے

اوتھل (یو این اے) سٹی پریس کلب اوتھل کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری اور یو این اے نیوز ایجنسی اوتھل کے رپورٹر جاوید لاسی نے سینئر صحافی و یو این اے کے بیورو چیف نصیر احمد پر مسلح افراد کی جانب سے مبینہ تشدد کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے پولیس اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے میں ملوث افراد کے خلاف فوری اور بلاامتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے، جبکہ صحافیوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔ اپنے جاری کردہ بیان میں جاوید لاسی نے کہا کہ صحافی نصیر احمد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

لانگ مارچ کا حتمی پلان صرف وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کے پاس ہے، شیخ وقاص اکرم

سہیل آفریدی اگر پہلے ہی پلان بتادیں تو پھر حکومت کی جانب سے پہلے سے ہی سختیاں شروع ہو جائیں گی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے کہا کہ 27 ستمبر کو پی ٹی آئی لانگ مارچ کے حوالے سے حتمی پلان وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے پاس ہی ہے، جب وہ ہمارے ساتھ شیئر کریں گے تو میڈیا کو بھی بتادیا جائے گا۔ پی ٹی آئی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے ایک ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ پی ٹی آئی لانگ مارچ کے حوالے سے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی اگر پہلے ہی پلان بتا دیں تو پھر حکومت کی جانب سے پہلے سے ہی سختیاں شروع ہو جائیں گی۔

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور معیار یقینی بنانے کی ہدایت

عوامی سہولیات کو ترجیح دے کر مسائل حل کیے جائیں، محمد اکرم حریفال

دکی (آن لائن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمن کبدانی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر دکی محمد اکرم حریفال کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں سپرنٹنڈنٹ آف پولیس دکی منصور احمد بزدار، لائن ڈیپارٹمنٹس کے سربراہان اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع دکی میں جاری PSDP اور BSDI ترقیاتی اسکیمات کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے منصوبوں کی بروقت تکمیل اور معیار کو یقینی بنانے سے متعلق امور پر غور کیا گیا۔ اس کے علاوہ سرکاری محکموں میں افسران و اہلکاروں کی حاضری، غیر حاضر ملازمین کے خلاف کیے گئے اقدامات، لائن ڈیپارٹمنٹس کی فعالیت، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

ملک بھر میں فی یونٹ بجلی پیدا کرنے والے پلانٹس کی تفصیلات سامنے آگئیں

دستاویزات کے مطابق واپڈا ڈیمز سے بجلی 2.70 روپے فی یونٹ، نجی آئی پی پیز کی لاگت 34 روپے سے بھی تجاوز کرگئی

اسلام آباد (آن لائن) ملک بھر میں فی یونٹ بجلی پیدا کرنے والے پلانٹس کی تفصیلات سامنے آگئیں۔ سینیٹ میں پیش دستاویزات کے مطابق واپڈا ڈیمز سے بجلی 2.70 روپے فی یونٹ کے حساب سے بن رہی ہے جبکہ نجی آئی پی پیز کی لاگت 34 روپے فی یونٹ سے بھی تجاوز کرگئی ہے۔ دستاویزات میں بتایا گیا کہ حکومت کی جانب سے واپڈا کو 34.5 ارب یونٹس کے بدلے 186 ارب روپے کی ادائیگی کی گئی جبکہ نجی آئی پی پیز کو 49.8 ارب یونٹس کے عوض 1040 ارب روپے منتقل کیے گئے، جاری مالی سال میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

اسکولوں میں جاری ترقیاتی کام بروقت مکمل کیے جائیں، حبیب احمد بنگلزئی

طلبہ کو بہتر تعلیمی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، ڈپٹی کمشنر چمن

چمن (آن لائن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع چمن کی مجموعی تعلیمی صورتحال، مختلف اسکولوں میں جاری ترقیاتی وتزئین وآرائش کے کاموں، بنیادی سہولیات اور کلاس رومز میں جاری درس و تدریس کے عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران محکمہ تعلیم کے افسران نے ڈپٹی کمشنر چمن کو اسکولوں میں تعلیمی سرگرمیوں، طلبہ و طالبات کی حاضری، اساتذہ کی کارکردگی اور جاری کاموں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

درخت آئندہ نسلوں کے لیے قیمتی سرمایہ ہیں، عائشہ زہری

شجرکاری اور پودوں کی حفاظت قومی ذمہ داری ہے، ڈپٹی کمشنر قلات

قلات (آن لائن) ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری نے محکمہ جنگلات کے نرسری کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈویژنل فاریسٹ آفیسر DFO علی اکبر بنگلزئی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈویژنل ڈائریکٹر نے ڈپٹی کمشنر کو نرسری کا دورہ کرایا اور نرسری میں لگائے گئے مختلف قسم کے درختوں کوئٹہ پائن، مورنگا، کیش، سنجد، چلغوزہ، اسمائی، توت، جونیپر اور دیگر پودوں سے متعلق بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے کہا کہ درخت ہماری آنے والی نسلوں کے لیے قیمتی سرمایہ ہیں۔ ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے، صاف اور صحت مند ماحول کے قیام اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کے لیے شجرکاری کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

پاکستان میں جانوروں کی ویکسین بغیر لائسنس کے بنائے جانے کا انکشاف

قائمہ کمیٹی غذائی تحفظ نے بغیر لائسنس جانوروں کی ویکسین بیچنے پر شدید برہمی کا اظہار کردیا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان میں جانوروں کی ویکسین بغیر لائسنس بنائے جانے کا انکشاف ہوا ہے، سینیٹ کی قائمہ کمیٹی غذائی تحفظ میں ڈی جی لائیو اسٹاک خیبر پختونخوا نے کہا آٹھ سال سے لائسنس اپلائی کیا ہوا ہے۔ ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی لائسنس کے اجرا میں تاخیر کر رہی ہے، قائمہ کمیٹی نے شدید اظہار برہمی کرتے ہوئے آئندہ اجلاس میں ڈریپ حکام کو طلب کرلیا۔ جانوروں کی ویکسین بغیر لائسنس بنائے جانے کا معاملہ سینیٹر ایمل ولی خان نے اٹھایا۔ جس پر ڈائریکٹر جنرل لائیو اسٹاک خیبر پختونخوا ڈاکٹر اعجاز نے بتایا کہ ویکسین کی تیاری ڈریپ کا ادارہ بننے سے پہلے سے جاری ہے۔ اس وقت پورے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

دارالامان نصیر آباد کے منظور شدہ فنڈز میں خرد برد کا انکشاف

تعمیراتی کام کی صورتحال تسلی بخش نہیں، جبکہ عمارت کے بعض تعمیراتی کام تاحال مکمل نہ ہو سکے

تمبو (آن لائن) محکمہ سوشل ویلفیئر کے زیر انتظام دارالامان نصیر آباد ایک حساس نوعیت کی عمارت ہے، تاہم ذرائع کے مطابق یہاں غیر متعلقہ افراد کی مبینہ انوالومنٹ اور تعمیراتی کاموں میں مبینہ بے ضابطگیوں کے حوالے سے مختلف سوالات سامنے آرہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق جون 2025 میں دارالامان نصیر آباد میں تعمیراتی و مرمتی کام کرایا گیا، جس کی موجودہ صورتحال مبینہ طور پر منصوبے کے معیار اور تعمیراتی کارکردگی پر سوالیہ نشان بن گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ دارالامان کے تعمیراتی و مرمتی کام کے لیے مجموعی طور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

سینئر صحافی نصیر احمد خان کاکڑ پر تشدد قابل مذمت ہے، جے یو آئی ضلع کوئٹہ

صحافیوں کو آزادانہ ماحول فراہم کرنا حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے، آزادی صحافت پر حملہ کسی صورت قبول نہیں

کوئٹہ (یو این اے) سینئر صحافی و یو این اے کے بیورو چیف نصیر احمد خان کاکڑ پر تشدد قابل مذمت ہے صحافیوں کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے تشدد میں ملوث ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ کے سابق سیکرٹری اطلاعات و امیر نجم المدارس یونٹ کلی چلتن روحانی بزار گنجی مولانا محمد طاہر توحیدی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر ظفر اللہ خان جنگ اور یونٹ کے مجلس عاملہ کے اراکین نے سینئر صحافی نصیر احمد خان کاکڑ پر تشدد کے واقعے پر گہری دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صحافی معاشرے میں عوامی مسائل، ناانصافیوں اور مظلوم طبقات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

جمعیت نظریاتی: حرمین شریفین تمام مسلمانوں کی ریڈ لائن ہیں

حوثی ہوں یا جو بھی عناصر، جو بھی حرمین شریفین پر حملہ یا کوئی سازش کرے گا، عالم اسلام کا بچہ بچہ اس مقدس مقام پر اپنی جان فدا کرنے کو سعادت اور فخر سمجھے گا

مسلمان سب کچھ برداشت کرسکتا ہے مگر حرمین شریفین کے تحفظ پر جان فدا کریں گے، سید عبدالستار شاہ چشتی

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات حاجی سید عبدالستار شاہ چشتی نے واضح کیا ہے کہ حرمین شریفین تمام مسلمانوں کی بنیادی ریڈ لائن ہیں اور مکہ مکرمہ پر کسی بھی قسم کا حملہ دراصل تمام اہل اسلام پر حملہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی 21 ستمبر سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کے انتظامات کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ، سینئر صحافی نصیر احمد کی ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت سے ملاقات

کوئٹہ پولیس صحافی برادری کے ساتھ ہے، صحافیوں کا تحفظ اور باہمی تعاون کا فروغ اولین ترجیح ہے، ڈی آئی جی کوئٹہ

کوئٹہ (یو این اے) سینئر صحافی نصیر احمد نے ڈپٹی انسپکٹر جنرل (ڈی آئی جی) آف پولیس کوئٹہ عمران شوکت سے ملاقات کی، جس میں گزشتہ دنوں پیش آنے والے واقعے سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور ڈی آئی جی کو تمام حقائق سے آگاہ کیا گیا۔ ملاقات کے دوران ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت نے سینئر صحافی کو یقین دلایا کہ اس پورے واقعے کی مکمل، شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں گی اور انصاف کے تمام تقاضے ہر صورت پورے کیے جائیں گے۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ کوئٹہ پولیس ہمیشہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

کسی کرنسی نوٹ کو بند یا تبدیل کرنے کا کوئی فیصلہ نہیں ہوا، اسٹیٹ بینک

اسلام آباد (آن لائن) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے 10 روپے مالیت والے بینک نوٹ سے متعلق وضاحت کردی۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا کہنا ہے کہ کسی کرنسی نوٹ کو بند یا تبدیل کرنے کا کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔ اسٹیٹ بینک پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

جہلم، گھریلو جھگڑوں سے تنگ باپ نے 3 بچوں کو منگلا نہر میں پھینک دیا

جہلم (آن لائن) جہلم میں باپ نے گھریلو جھگڑے سے تنگ آکر اپنے 3 بچوں کو منگلا نہر میں پھینک دیا۔ پولیس کے مطابق دو بچیوں کی لاشیں نکال لی گئیں جبکہ ایک بچے کی تلاش جاری ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ بچوں کو نہر میں پھینکنے کے بعد ملزم گرفتاری دینے تھانے پہنچ گیا تھا، ملزم کے بتانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

مقررہ نرخوں کی خلاف ورزی پر 8 دکانداروں اور 2 ہوٹل مالکان کو وارننگ

معیاری اشیائے ضروریہ کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی، پرائس کنٹرول کمیٹی

گوادر/اورماڑہ (آن لائن) ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی ہدایت پر تحصیلدار اورماڑہ نور خان بلوچ کی سربراہی میں پرائس کنٹرول کمیٹی نے اورماڑہ بازار کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر مختلف دکانوں، ہوٹلوں، سبزی اور مرغی فروشوں سمیت دیگر کاروباری مراکز کا معائنہ کیا گیا۔ پرائس کنٹرول کمیٹی نے مختلف اشیائے ضروریہ کے نرخ، سرکاری نرخ ناموں کی دستیابی اور ان پر عملدرآمد کا جائزہ لیا، جبکہ دکانداروں کو مقررہ نرخوں کے مطابق اشیا فروخت کرنے کی ہدایت کی گئی۔ اس کے علاوہ بازار میں صفائی ستھرائی کی صورتحال کا بھی تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے دکانداروں کو صفائی کے انتظامات بہتر بنانے اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

ایران جنگ پر بڑا فیصلہ جلد آنے والا ہے، ٹرمپ کا نیتن یاہو سے جلد ملاقات کا بھی عندیہ

واشنگٹن (آن لائن) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ ایران کے خلاف دوبارہ بڑے پیمانے پر فوجی کارروائی شروع کرنے کے حوالے سے ایک اہم فیصلے کے قریب پہنچ گئے ہیں۔ صدر ٹرمپ نے یہ بات امریکی صحافی بارک راوید کو دیے گئے فون انٹرویو میں کہی۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ آپ کے سامنے جلد ایک بڑا فیصلہ آنے والا ہے۔ امریکی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

سندھ میں 40 لاکھ سے زائد بچیوں کے اسکولوں سے باہر ہونے کا انکشاف

سندھ پولیس، عدالتوں، ملازمتوں میں خواتین کا حصہ بہت کم ہے، صنفی مساوات پر مبنی سندھ کی پہلی رپورٹ وزیراعلیٰ کو پیش

کراچی (آن لائن) وزیراعلیٰ سندھ کو صوبے کی پہلی جینڈر پیریٹی رپورٹ پیش کردی گئی جس میں انکشاف کیا گیا ہے کہ سندھ میں 40 لاکھ 80 ہزار سے زائد بچیاں اسکولوں سے باہر ہیں، صوبے میں مردوں کی شرح خواندگی 68 فیصد جبکہ خواتین کی 47 فیصد ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ سید مراد علی شاہ کو معاون خاص راجویر سنگھ سوڈھو نے سندھ کی پہلی جینڈر پیریٹی رپورٹ پیش کردی جس میں صنفی عدم مساوات کی نشاندہی کی گئی ہے۔ رپورٹ پر سید مراد علی شاہ نے صنفی مساوات کے لیے ہدفی اصلاحات کا فیصلہ کیا ہے

مردان، بچے کی چپل نکالنے کیلئے خشک کنویں میں جانے والے 3 افراد جاں بحق

مردان (آن لائن) مردان کے علاقے بچی جعفر آباد میں خشک کنویں میں دم گھٹنے سے 3 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق جاں بحق افراد میں باپ، بیٹا اور پڑوسی شامل ہیں، جن کی لاشیں نکال لی گئیں۔ حکام نے بتایا ہے کہ بچے کی چپل گھر میں موجود کنویں میں گرگئی تھی، جسے نکالنے کے لیے پہلے کنویں میں گیا۔ بیٹے کو کنویں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت اورنگزیب خان کھچی کو سی ای او (پی آئی اے ایف) نادر گل بریچ شیلڈ دے رہے ہیں

میر ظہور بلیدی: آواران آپریشن دہشتگردوں کے خلاف ریاستی اداروں کی موثر حکمت عملی کا ثبوت ہے

بلوچستان کی سرزمین دہشتگردی کے لیے استعمال کرنے کی ہر کوشش ناکام بنائی جائے گی، صوبائی وزیر

آواران آپریشن میں دہشتگردوں کا خاتمہ، ریاستی اداروں کی موثر حکمت عملی کا ثبوت ہے، ظہور بلیدی

کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی وزیر ظہور بلیدی نے آواران میں دہشتگردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کے کامیاب آپریشن کو غیر معمولی پیشہ ورانہ مہارت اور موثر حکمت عملی کا مظہر قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بروقت کارروائی کے ذریعے دہشتگردوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)